Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 12 اتوار، 27 فروری 2022ء، 25 رجب المرجب 1443ھ، 14 پھاگن 2078ب، قیمت 20 روپے شمارہ 304

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 9.59 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان

موجودہ صورت حال کا فوری طور پر کوئی حل نہ نکلا تو عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت 125 ڈالر فی بیرل تک جاسکتی ہے، ماہرین

پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 200 روپے فی لیٹر تک جاسکتی ہے جس کے نتیجے میں پاکستانی صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا، رپورٹ

چیف سیکرٹری پنجاب کامران علی افضل سول سیکرٹریٹ میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) یوکرین پر روس کے حملے کے بعد پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید 9.59 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے جس کا اطلاق یکم مارچ 2022 سے ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12.03 روپے فی لیٹر تک ریکارڈ اضافہ کیا تھا، جس کا اطلاق 16 فروری سے پٹرول کی قیمت 159.86 روپے فی (بقیہ نمبر 5)

پنکھے میں چادر پھنس جانے سے پھندا لگنے سے ایک شخص جاں بحق

بابر علی کوسٹر کا انجن چیک کررہا تھا کہ چادر انجن میں آنے سے گلے کا پھندا بن گئی

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت کے علاقے میں ایک شخص کوسٹر کے انجن کے پنکھے میں چادر پھنس جانے سے پھندا لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گیا، پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ کوٹ لکھپت کے علاقے میں بابر علی نامی شخص کوسٹر کا انجن چیک کررہا تھا کہ اس دوران اس کے گلے میں پڑی ہوئی چادر انجن کے پنکھے میں آ گئی اور گلے کا پھندا بن گئی جس سے بابر علی موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملتے (بقیہ نمبر 4)

سکیورٹی فورسز کا آپریشن، ایک دہشت گرد ہلاک

اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ہلاک دہشت گرد سکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھا

راولپنڈی(آئی آئی پی) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے ضلع اسپن وام میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے (بقیہ نمبر 1)

زیرزمین ٹینکی سے 10 سالہ بچے کی نعش برآمد

سی پی او عمر سعید ملک کا نوٹس، واقعہ کی میرٹ پر تفتیش کر کے حقائق کو سامنے لایا جائے گا

راولپنڈی(آئی آئی پی) صدر بیرونی کے علاقہ میں زیر تعمیر مکان میں پانی کی زیرزمین ٹینکی سے 10 سالہ بچے کی نعش ملنے پر سی پی او عمر سعید ملک کا نوٹس، واقعہ کی اطلاع پر سی پی او عمر سعید ملک، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، (بقیہ نمبر 2)

یونیورسٹی ایگریکلچر شو 2022 کا آج افتتاح

برآمد کنندگان اور کاشتکاروں کے باہمی رابطہ سے زرعی برآمدات میں اضافہ پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

راولپنڈی (اے ایف پی) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دوروزہ قومی زرعی نمائش 27 فروری کو منعقد ہوگی جس کا افتتاح وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام کریں گے۔ نمائش میں صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار اور وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد کی ملاقات

جنہیں شوق ہے وہ عدم اعتماد لے آئیں، گھبرانے والے نہیں

وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد کی ملاقات، سیاسی صورتحال اور راولپنڈی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال، دونوں رہنماؤں کی اپوزیشن کی انتشار کی سیاست کی مذمت

اپوزیشن کے منفی ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار، اپوزیشن کو علم ہے کہ حکومت کو نمبر گیم میں سبقت ہے، عدم اعتماد کی باتوں میں شکست خوردہ اپوزیشن کی طرح کوئی جان نہیں: عثمان بزدار

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وزیراعلیٰ آفس میں وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی صورتحال اور راولپنڈی میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اپوزیشن کی انتشار کی سیاست کی مذمت کی اور اپوزیشن کے منفی ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم، جہانگیر ترین میں ٹیلیفونک رابطہ، خیریت دریافت کی

جہانگیر ترین علاج کیلئے لندن روانہ ہوگئے، ایئر ایمبولینس کے ذریعے روانگی ہوئی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم عمران خان اور جہانگیر خان ترین کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، وزیراعظم عمران خان نے جہانگیر ترین سے ان کی صحت بارے دریافت کیا، جہانگیر خان ترین علاج کے لئے لندن روانہ ہوگئے۔ ایک نجی ٹی وی کے مطابق جہانگیر خان ترین کی لندن روانگی سے قبل ان کا وزیراعظم عمران خان سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ (بقیہ نمبر 6)

عدالت آنے والے دو ملزمان ہتھکڑی سمیت ڈرامائی انداز میں فرار

لاہور (اے ایف پی) ملزمان کو پیشی پر عدالت لانے اور لے جانے والے پولیس اہلکاروں کی شامت آگئی، دو ملزمان باری باری ہتھکڑی سمیت فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی سمن آباد (بقیہ نمبر 7)

امن عامہ برقرار رکھنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ عثمان بزدار اور وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد کی زیر صدارت اجلاس، امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اجلاس میں امن عامہ کی فضا برقرار رکھنے کیلئے پنجاب اور وفاق کے درمیان مربوط کوآرڈینیشن پر اتفاق

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے کیے جانیوالے اقدامات اور امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں امن عامہ کی فضا برقرار رکھنے کیلئے پنجاب اور وفاق کے درمیان مربوط کوآرڈینیشن پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ عثمان (بقیہ نمبر 10)



معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب حسان خاور جیلانی پارک میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

جشن بہاراں میں چاروں صوبوں کی ثقافت کو نمائندگی دی جارہی ہے

صحت انصاف کارڈ جیسے فقید المثال منصوبے ہی اپوزیشن کی نیندیں اڑانے کو کافی ہے

ایک دوسرے کو سڑکوں پر گھسیٹنے والے ملک دشمنی میں اکٹھے ہورہے ہیں، معاون خصوصی حسان خاور

لاہور(آئی آئی پی) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب حسان خاور نے کہا ہے کہ مارچ کے پہلے ہفتے سے شروع ہونے والا جشن بہاراں اس بار پہلے سے زیادہ بڑے سکیل پر منایا جارہا ہے جس کی تیاریوں کے لیے پی ایچ اے کی ساری ٹیم دن رات محنت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی تمام بڑی شاہراہوں کو روشنیوں سے سجایا جائے گا۔ جشن بہاراں کی تیاریوں میں حکومت کو نجی شعبے کا بھرپور تعاون (بقیہ نمبر 8)

کوہاٹ میں کامسیٹس یونیورسٹی کے قیام کا اعلان

صدر پاکستان بہت جلد اس یونیورسٹی کا افتتاح کریں گے، شبلی فراز

کوہاٹ(اے ایف پی) وفاقی وزیر شبلی فراز نے کوہاٹ میں بین الاقوامی معیار کی کامسیٹس یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کردیا، صدر پاکستان بہت جلد اس یونیورسٹی (بقیہ نمبر 11)

Islamabad Chamber of Commerce & Industry

صدر آئی سی سی آئی محمد شکیل منیر روس یوکرین تنازعہ بارے تاجر برادری سے خطاب کررہے ہیں

گندم کی فی من قیمت میں 400 روپے اضافے کا امکان

یکمشت 400 روپے فی من اضافہ کرنے سے آٹا کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ ہوگا، وفاقی وزرا کا مؤقف

دوسری جانب پنجاب کابینہ کی جانب سے ارسال کی گئی گندم اسپورٹ پرائس کی سمری اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کی جائے گی

اسلام آباد(اے ایف پی) پنجاب کابینہ نے گندم کی فی من قیمت 2200 روپے مقرر کرنے کی سفارش وفاق کو ارسال کی ہے، تاہم وفاقی وزرا نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے قیمت پر اختلاف کیا ہے۔ پنجاب اور خیبرپختونخوا میں گندم کی امدادی قیمت خرید کے حوالے سے وفاقی وزرا کے اختلاف سامنے آئے ہیں، پنجاب کابینہ کی جانب سے گندم کی فی من قیمت 2200 روپے مقرر کرنے کی سفارش وفاق کو ارسال کی گئی ہے، جس پر اہم ترین وفاقی وزراء کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ وفاقی وزرا کا مؤقف (بقیہ نمبر 20)

بیدیاں روڈ پر خاتون سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ کا نوٹس

سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب، ملزمان کی جلد گرفتاری کا حکم

لاہور(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے بیدیاں روڈ پر خاتون سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ (بقیہ نمبر 26)

پولیس کی کارروائی، فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا

راولپنڈی (اے ایف بی) کینٹ پولیس کی کارروائی، گزشتہ روز فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ کے علاقہ میں نوید نے سابقہ رنجش کی بنا پر فائرنگ کرکے عمر ارشد کو زخمی کردیا تھا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے فوری مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا تھا، ایس ایچ او کینٹ اور ان کی ٹیم نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 27)

وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کلرکہار کا دورہ

تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کلرکہار میں مختلف شعبہ جات کا معائنہ اور مریضوں کی عیادت کی

راولپنڈی(آئی آئی پی) وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد نے تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کلرکہار کا اچانک دورہ کیا۔ اس دوران ڈاکٹر یاسمین راشد نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کلرکہار میں مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور مریضوں کی عیادت کی۔ (بقیہ نمبر 28)

پائن بار سکولز کالج کی طالبات شجرکاری مہم کے تحت پودے لگارہی ہیں

احساس 8171 ایس ایم ایس رجسٹریشن سروس دوبارہ کھول دی گئی

اسلام آباد(آئی آئی پی) احساس راشن رعایت پروگرام کے لیے کم آمدنی والے خاندانوں کو رجسٹر کرنے کے لیے احساس 8171 ایس ایم ایس سروس کل دوبارہ کھل رہی ہے۔ وزیر اعظم کی معاون خصوصی سینیٹر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا، "لوگوں کی گہری دلچسپی کو مدنظر (بقیہ نمبر 13)

گھریلو جھگڑے پر شوہر نے بیوی کا گلہ کاٹ کر قتل کردیا

میاں بیوی میں اکثر جھگڑا رہتا تھا، شوہر نے تیس سالہ ثوبیہ کا چھری سے گلہ کاٹ دیا

لاہور(این این آئی) مانگا منڈی کے علاقہ شاکے بھٹیاں میں گھریلو جھگڑے پر شوہر نے بیوی کا گلہ کاٹ کر قتل کردیا۔ بتایا گیا ہے کہ میاں بیوی میں اکثر جھگڑا رہتا تھا اور گزشتہ روز بھی دونوں کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہوگیا جو طول پکڑ گیا اسی دوران شوہر (بقیہ نمبر 12)

گندم اور کھاد کی سمگلنگ کے خاتمے کیلئے اقدامات سخت

آن لائن پورٹل کے ذریعے کھاد کی ترسیل اور سٹاکس کی مکمل نگرانی جاری رکھی جائے، ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب

بارشوں کے دوران ممکنہ اربن فلڈنگ سے نمٹنے کیلئے تیاری شروع کرنے سے متعلق ہدایات جاری

لاہور(آئی آئی پی) چیف سیکرٹری پنجاب کامران علی افضل نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ گندم اور کھاد کی سمگلنگ کے خاتمے کیلئے مزید موثر اور سخت اقدامات کئے جائیں اور آن لائن پورٹل کے ذریعے کھاد کی ترسیل اور سٹاکس کی مکمل نگرانی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 29)

یوکرین سے 35 پاکستانی طلبا کو پولینڈ منتقل کردیا گیا

روسی حملے کے بعد دو ہزار سے زائد پاکستانی طالب علم اور شہری یوکرین میں محصور ہیں

کیف(اے ایف پی) یوکرین سے 35 پاکستانی طلباء کو پولینڈ منتقل کردیا گیا۔ پاکستانی سفارتخانہ یوکرین نے 35 پاکستانی طلباء کو پولینڈ منتقل کردیا۔ طلباء پولینڈ میں (بقیہ نمبر 21)

پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف صوبہ بھر میں آن ایکشن

رواں برس پتنگ فروشوں اور پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف 3146 مقدمات درج جبکہ 3343 افراد کو گرفتار کیا گیا

خونی کھیل میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، شہری پتنگ فروشی اور پتنگ بازی کرنے والوں کی فوری 15 پر اطلاع کریں

لاہور(آئی آئی پی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان نے صوبہ بھر میں پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی کے احکامات جاری کئے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو ہدایت کی ہے کہ تفریح کے نام پر خونی کھیل کھیلنے والے ملزمان کی گرفتاری کیلئے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کئے جائیں۔ راؤ سردار علی خان نے کہا کہ صوبہ بھر میں آن لائن پتنگیں اور دھاتی (بقیہ نمبر 14)

روس نے اقوام متحدہ میں اپنے خلاف مذمتی قرارداد ویٹو کردی

روس قرارداد ویٹو کرسکتا ہے لیکن ہماری آواز نہیں دبا سکتا، اقوام متحدہ میں امریکی سفیر

نیویارک(اے ایف پی) روس نے اپنے خلاف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پیش کی گئی مذمتی قرارداد ویٹو کردی۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یوکرین پر حملے پر اقوام (بقیہ نمبر 22)

گورنر پنجاب چوہدری سرور کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں مقبول احمد بلاک کا افتتاح کررہے ہیں

ٹیکسلا پولیس کی اہم کارروائی، فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی(آئی آئی پی) ٹیکسلا پولیس کی اہم کارروائی، فائرنگ کرکے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار، ملزم ذیشان عرف شانہ نے 20 روز قبل اپنے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ رنجش کی بنا پر فائرنگ کرکے عادل کو قتل کردیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق ایس (بقیہ نمبر 30)

کمسن لڑکوں کو اغوا کر کے زیادتی کی کوشش کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

راولپنڈی(آئی آئی پی) ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، کمسن لڑکوں کو اغوا کرکے زیادتی کی کوشش کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس کو شہری نے درخواست دی کہ اس کا بیٹا زین اور (بقیہ نمبر 31)

سی ٹی ڈی کے پنجاب میں 37 مقامات پر آپریشنز

4 دہشت گرد گرفتار کرلیے، ملزمان سے دھماکہ خیز مواد بھی برآمد ہوا

لاہور(اے ایف پی) صوبہ پنجاب میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے متعدد کارروائیوں کے دوران 4 دہشت گرد گرفتار کرلیے، ملزمان سے دھماکہ (بقیہ نمبر 32)

صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وکٹوریا شوفیلڈ ملاقات کررہی ہیں

سیکرٹری لائیو سٹاک پنجاب نوید حیدر شیرازی نے فیصل آباد کا دورہ

فیصل آباد(آئی آئی پی) سیکرٹری لائیو سٹاک پنجاب نوید حیدر شیرازی نے فیصل آباد کا دورہ کیا اور ڈائریکٹوریٹ آفس میں ڈویژن بھر کے افسران سے میٹنگ کرکے کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مویشی پال (بقیہ نمبر 15)

شہریوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری

رانا عبدالوہاب کا ہائی کورٹ میں بار الیکشن کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (اے ایف بی) ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا ہائی کورٹ میں بار الیکشن کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ایس ڈی پی او سول لائنز اور سینئر افسران بھی ایس پی پوٹھوہار کے ہمراہ تھے، ڈیوٹی پر تعینات افسران واہلکاروں کو چیک اور بریف کیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے ہائی کورٹ میں بار الیکشن (بقیہ نمبر 16)

پنجاب ٹیلنٹ ہنٹ کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب

راولپنڈی(آئی آئی پی) پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پنجاب ٹیلنٹ ہنٹ کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب گورنمنٹ گریجویٹ کالج اٹک میں منعقد ہوئی۔ پرنسپل پروفیسر ماجد وحید بھٹی نے پوزیشن حاصل کرنے والوں میں چیک تقسیم کیے (بقیہ نمبر 18)

جہانگیر ترین طبیعت ناساز ہونے پر لندن روانہ

جہانگیر ترین لندن میں اپنا چیک اپ کروائیں گے، عون چوہدری

لاہور(اے ایف پی) تحریک انصاف کے ناراض رہنما جہانگیر ترین طبیعت خراب ہونے پر لندن روانہ ہوگئے۔ تحریک انصاف کے ناراض رہنما اور شوگر اسکینڈل میں نامزد ملزم جہانگیر ترین طبیعت ناساز ہونے پر لندن روانہ ہوگئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ جہانگیر ترین صبح ساڑھے 10 بجے خصوصی طیارے پر لندن روانہ ہوئے۔ دوسری جانب (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین پی ایچ اے آصف محمود کا شہر کا دورہ

راولپنڈی کے شہریوں کو بہترین تفریحی سہولیات کے ساتھ صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے گا

موسم بہار کی شجرکاری مہم کے تحت راولپنڈی کی تمام شاہراہوں اور پارکوں کو رنگ برنگے پھولوں سے سجایا جائے گا

راولپنڈی(اے ایف بی) چیئرمین پی ایچ اے راولپنڈی آصف محمود نے ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے ظہیر انور جپہ کے ہمراہ راولپنڈی شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین ہونے والے میچ کے روٹس اور داخلی راستوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر چیئرمین پی ایچ اے راولپنڈی آصف محمود نے کہا کہ راولپنڈی کو سرسبز وشاداب بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ راولپنڈی شہر کے دیگر اداروں کے ساتھ مل کر راولپنڈی کے شہریوں کو بہترین تفریحی سہولیات کے ساتھ صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے گا (بقیہ نمبر 33)

ایدھی فاؤنڈیشن ٹیم کے سربراہ سعد ایدھی وزیر صحت ڈاکٹر قلندر بخش سے ملاقات کررہے ہیں

پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 29 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 29 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہوکر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث (بقیہ نمبر 23)

کمسن لڑکوں کو اغوا کرکے زیادتی کی کوشش کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، کمسن لڑکوں کو اغوا کرکے زیادتی کی کوشش کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس کو شہری نے درخواست دی کہ اس کا بیٹا زین اور اس کے دوست حسن کو رکشہ ڈرائیور (بقیہ نمبر 24)

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، 6 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن اور 17 لیٹر شراب برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے 02 ملزمان محمد قاسم اور زین ذوالفقار کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 02 پسٹل 30 بور معہ (بقیہ نمبر 19)

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 05 ملزمان گرفتار

منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، 05 کلو 790 گرام چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے منشیات فروش وارث کو (بقیہ نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر سلمان خان لودھی ڈی ایچ کیو ہسپتال آنیوالے مریضوں سے طبی سہولیات بارے دریافت کررہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عمران، پیوٹن ملاقات

وزیراعظم عمران خان اور روس کے صدر ولادی میر پیوٹن کے درمیان جمعرات کی سہ پہر طویل ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان تین گھنٹے تک جاری رہنے والی ملاقات میں باہمی تعلقات میں وسعت و گہرائی، علاقائی مسائل اور عالمی چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات میں روس کی جانب سے یوکرین پر حملے کے بعد پیدا ہونے والے عالمی معاملات کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ صدر پیوٹن نے یوکرائن پر روس کے قومی موقف پر روشنی ڈالی گئی جس کے ردعمل میں وزیراعظم عمران خان نے اس حساس مسئلے پر پاکستان کے متوازن کردار کو مدلل انداز میں سامنے رکھا۔ یوکرائن کے علاوہ دونوں رہنماؤں نے افغانستان کے مسئلہ پر بھی تفصیلی مشاورت کی جس میں اس کا مذاکرات، سفارتی طریقہ کار اور سیاسی انداز میں حل تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم عمران خان اور روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے دونوں ملکوں کے درمیان معاشی، تجارتی تعلقات میں بہتری توانائی کے شعبے بالخصوص پاکستان سٹریم گیس پائپ لائن منصوبے کی تکمیل میں معاونت پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم عمران خان نے اسلاموفوبیا جیسے خطرناک مسئلے پر حقیقت پسندانہ موقف اختیار پر روسی صدر کا شکریہ ادا کیا۔ اس میں دورائے نہیں کہ وزیراعظم عمران خان کا دورہ روس ہر لحاظ سے غیر معمولی اہمیت اور تاریخی حیثیت کا حامل رہا۔ عالمی حلقوں کی نظریں یوکرائن کی وجہ سے موجود عالمی تناؤ کے باعث پہلے بھی وزیراعظم عمران خان کے دورہ ماسکو پر مرکوز تھیں، پھر اس دورہ کے دوران روس کی طرف سے یوکرائن پر حملے کے بعد عالمی برادری کے سامنے یہ دورہ اور بھی خصوصی اہمیت اختیار کر گیا۔ یہی وجہ ہے کہ یوکرائن کی صورتحال کے ساتھ ماسکو میں 3 گھنٹے تک جاری رہنے والی عمران پیوٹن ملاقات بھی عالمی سیاست اور ذرائع ابلاغ پر زیر بحث رہی۔ اس دورہ کا بنیادی مقصد تو روس اور پاکستان کے درمیان تعلقات کی مختلف جہتوں میں مزید بہتری لانا تھا تاہم یہ ضرور ہوا کہ غیر معمولی حالات نے اس دورہ کی عالمی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ کر دیا۔ بہر حال پہلے سے طے شدہ دورہ کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات وروابط میں بہتری کے لیے موثر اقدامات پر اتفاق کیا۔ امید کی جاسکتی ہے کہ مشکل صورتحال کے باوجود روسی قیادت معاشی معاملات میں بہتری، تجارت کے فروغ اور توانائی کے میدان میں مثبت پیش رفت کے لیے پاکستان کی ہر ممکن معاونت کرے گی۔ وزیراعظم کے دورہ سے پاکستان اور روس کے تعلقات میں موجود غلط فہمیاں بھی دور ہوں گی جبکہ جنوب مغربی ایشیا کے محفوظ مستقبل کو درپیش افغان صورتحال کے پرامن حل کے لیے دونوں ملک زیادہ بہتر انداز میں کام کرسکیں گے۔

حَیَّ عَلَی الفلاح

حی علی الفلاح

کشف عبیر

نماز کے طالب کیلئے اذان کا احترام کیوں ضروری ہے؟ نماز کے طالب کے لیے اذان کا احترام بہت مددگار ثابت ہوگا۔ جیسے ستون ظاہر اور بنیاد پوشیدہ ہوتی ہے، بیج زیر زمین مخفی او شجر عیاں ہوتے ہیں، محنت پس پردہ اور کامیابی آشکار ہوتی ہے بلکل ویسے ہی نماز ظاہری اور جسمانی عمل اور اذان کا احترام ایک روحانی اور قدرے نادیدہ فعل ہے پس جو کوئی ظاہری اور عیاں معاملات میں بہتری، مداومت اور نماز میں باقاعدگی کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ اعمال باطنی کی اصلاح اور اذان کے احترام سے اس کا آغاز کرے۔

افسانہ نگار: ارشد منیم



افسانوی مجموعہ: لاوا سن اشاعت: 2021 پبلشر: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی۔ قیمت: ایک سو بارہ روپے مبصر: ڈاکٹر کہکشاں عرفان ریاست پنجاب کی مردم خیز سرزمین نے دنیائے اردو ادب کو بہت سے ادیب شاعر اور بالخصوص بلند قامت افسانہ نگار عطا کئے ہیں، کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، احمد ندیم قاسمی، امرتا پریتم، جیتندر بلو، مہندر سنگھ بیدی، بشیر مالیر کوٹلوی، رینو بہل جیسے بڑے فکشن نگاروں کا تعلق سرزمین پنجاب سے ہے۔ ان فکشن نگاروں نے اردو ادب کو بہترین اور ناقابل فراموش تخلیقات عطا کی ہیں۔ ریاست پنجاب کی ایک ادب نواز، ادب شناس سرزمین اور ادیب و ادب تخلیق کرنے والا ایک قصبہ مالیر کوٹلہ ہے اردو زبان وادب کی تاریخ میں مالیر کوٹلہ بڑی اہمیت کا حامل ہے موجودہ دور میں محترم بشیر مالیر کوٹلوی نہ ستائش کی تمنا ہے نہ صلہ کی پرواہ کے بغیر اردو ادب کی مسلسل خدمت کئے جا رہے ہیں۔ وہ نہ صرف ادب تخلیق کرتے ہیں بلکہ اپنی ادبی انجمن میں نئی نسل کے نوجوانوں کی بہترین تربیت کرتے ہوئے ادیب اور بالخصوص افسانہ نگار بھی تخلیق کر رہے ہیں۔ اکیسویں صدی کی نسل کے نوجوان افسانہ نگار ارشد منیم بشیر مالیر کوٹلوی کی ادبی انجمن کا وہ حساس افسانہ نگار ہے جس نے بہت کم وقت میں افسانہ نگاری کی فکر اور فن دونوں کے معیار پر کھرے اترنے والے دل، دماغ، اور روح کو جھنجوڑنے والے افسانے تخلیق کئے ہیں 2015 سے اب تک ارشد منیم کے تین افسانوی مجموعے "خون کا رنگ" "خواب خواب زندگی" اور "لاوا" شائع ہوکر منظر عام پر آچکے ہیں، ارشد منیم کے افسانوں میں معاشرے کے متوسط اور غریب طبقہ کے رہن سہن، ان کی پریشانیاں، زندگی کی دھوپ چھاؤں، سماج کے مسائل، جرائم، کردار و اخلاق کا زوال، انسانی نفسیات، غریبی کی مشکلات سے جوجھتے انسان اور رشتوں کے ٹوٹنے بکھرنے کی جو چبھن ہے اس سے ہونے والی تکالیف کے احساسات کو بہت سہل انداز میں پیش کرنے کا ہنر بھی ہے، ارشد منیم کے افسانوں میں احتجاج کی گونج کئی بار سنائی دیتی ہے۔ ان کے کردار ان کے اردگرد کے متوسط طبقہ کے انسان ہیں، اکثر و بیشتر ان کے کردار غیر مسلم ہوا کرتے ہیں اور زبان کی بات کریں تو سیدھی سادھی گھریلو اور عام بول چال کی زبان استعمال کرتے ہیں۔ ارشد منیم کے افسانے ہندو پاک کے مؤقر رسائل میں شائع ہوکر مقبولیت بھی حاصل بھی کر چکے ہیں۔ حکومت پنجاب نے ارشد منیم کی افسانہ نگاری کے لئے انہیں اردو ادب کے ایک ممتاز، حساس، اور قد آور افسانہ نگار جس کے بھولا، منی، لاجو، اندو اور رانو کو اردو ادب کے قارئین بھلا نہیں سکتے یعنی راجندر سنگھ بیدی ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔ "لاوا" ارشد منیم کی کہانیوں کا تیسرا مجموعہ ہے۔ یہ افسانوی مجموعہ پنجاب اردو اکادمی کے مالی تعاون اور ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی سے شائع ہوکر سن 2021 میں شائع ہوکر منظر عام پر آچکا ہے۔ 112 صفحات پر مشتمل اس مجموعے میں ارشد منیم کی سولہ کہانیاں شامل ہیں اور اس کتاب کی قیمت بھی بہت مناسب ہے مبلغ ایک سو بارہ روپے۔ "لاوا" کا انتساب ارشد منیم کے دو بھائیوں اظہر منیم، اشرف منیم اور پیارے دوست ناصر آزاد کے نام ہے۔ ارشد منیم کے استاد اور مشہور ومعروف فکشن نگار، ناقد، مترجم اور افسانہ کلب کے روح رواں محترم بشیر مالیر کوٹلوی کی تحریر ہے جو ارشد منیم کی افسانہ نگاری کو متعارف کرا رہی ہے۔ لاوا ٹائٹل افسانہ ہے، یہ کہانی عہد کورونا میں ہونے والی ایک ایسی ماں کی موت کا دردناک کہانی ہے جس میں ایک بیٹی جس کا نام ندھی ہے بھگوان سے بھی ماں کی زندگی کی بھیک مانگتی ہے نرس اور ڈاکٹروں کے سامنے بھی گڑگڑاتی ہے۔ اپنی بیمار ماں کو بچانے کی جان توڑ کوشش کرتی ہے آکسیجن کی کمی ہونے پر وہ کورونا کے تمام پروٹوکول بھلا کر اپنی ماں کو اپنے منہ سے

سانس دیتی ہے یہ کہانی ماں اور بیٹی کی بے لوث اور بے غرض محبت کی کہانی ہے جو آج کے دور میں کم یاب ہوگئی ہے اور کورونا کی بیماری میں رشتوں کی بے گانگی اور بے حسی تو عروج پر تھی انسانیت شرم سار ہو رہی تھی ایسے میں ارشد منیم ایک ایسا کردار پیش کرتے ہیں کہ وہ یہ بتا سکیں کہ دنیا میں ابھی بھی اچھی اور بے غرض اولادیں ہیں۔ اور ساتھ ہی سیاست، طبابت، اور سرکاری نظام کی خامیوں کو بھی برہنہ کیا ہے۔ اس کہانی میں رہنما کے جھوٹ پر احتجاج بھی ہوا ہے۔ لاوا ارشد منیم کی اچھی کہانی ہے زندگی کے سنگھرش کی کہانی ہے۔ آنسو، ایک نابینا شخص کی کہانی ہے جو پنڈت ہے جس کا آپریشن ہوتا ہے اور کسی اور انسان کا ریٹینا لگا دیا جاتا ہے مگر وہ شخص جب گیتا کا مطالعہ کرنے کوشش کرتا ہے اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں۔ "الوداع" ماں کی ممتا اور بیٹی کی محبت کی ایک دردانگیز کہانی ہے۔ کہتے ہیں بیٹی ماں کی سہیلی ہوتی ہے اور بیٹیوں کا مائکہ ماں کی زندگی تک ہی ہوتا ہے۔ ماں کی وفات بیٹی کو بالکل تنہا اور پرایا کر دیتی ہے۔ یہ وہ سانحہ ہے جس سے اکثر بیٹیاں گزرتی ہیں۔ اور ایسے ہی کرب سے دوچار ہوتی ہیں جس طرح افسانہ الوداع کی فاطمہ ہوئی ہے۔ ہر کہانی ایک نئے احساس سے روشناس کراتی ہے۔ ارشد منیم کے افسانوں میں سماج کے مسائل اور انسانیت اور رشتوں کا کرب پوری شدت کے ساتھ اور ظلم، جرم اور زیادتی کے خلاف احتجاج کی چیخ بھی سناء دیتی ہے۔ مجھے امید ہے کہ قارئین ارشد منیم کے افسانوں کو پڑھیں گے۔ اور ان کے افسانوں میں تفکر، آزادی کا جذبہ، تعمیر کی روح، زندگی کی حقیقتوں کی روشنی ہو کو محسوس کرینگے کریں گے۔ ارشد منیم ایک ایسا ادب تخلیق کر رہے ہیں جو دل اور ذہن کو جھنجوڑ دیتا ہے۔ اگر ادب سماج کا آئینہ ہوتا ہے تو ادیب ایک حساس، باشعور اور ذمہ دار انسان۔ ادب اور سماج کا رشتہ جسم اور احساس کی طرح ہے جب سماج میں ظلم عروج پاتا ہے تو ادب میں احتجاج کی صدا بلند ہوتی ہے۔ میں دل کی گہرائیوں سے ارشد منیم کو مبارکباد کرتی ہوں، اور ساتھ ہی شہر الہ باد اور نئی نسل کے لکھنے والوں کی جانب سے ارشد منیم کے لئے نیک خواہشات پیش کرتی ہوں کہ اللہ کرے زور قلم اور بھی زیادہ۔

ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

فاطمہ سرور (صوابی)

نبی پاکؐ کا قول ہے کہ: "علم حاصل کرو چاہے تمھیں چین جانا پڑھے۔" علم چاہے دینی ہو یا دنیاوی یہ بچوں کا بنیادی حق ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر بچوں میں شعور کا مادہ کبھی بھی پروان نہیں چڑھتا۔ اسی حوالے سے مزدور کار بچوں اور پسماندہ نوجوانوں کے لیے پاکستان میں سولر نائٹ سکول کا اجراء محمد روحیل ورند نے کیا۔ Students Learning Under the Moon چاند کے نیچے سیکھنے والے طلباء) پاکستان کا پہلا فیجیٹل (Phygital) سکول اور دنیا کا پہلا سولر نائٹ سکول قرار پایا۔ یہ سکول دراصل غربت، ناخواندگی اور دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنے کی پہلی عظیم کوشش ہے۔ یہ فیصل آباد میں واقع ہے۔ یہ پاکستان میں رہنے والے 23 ملین سکول سے ہٹ کے ایک متابادل تعلیمی نظام ہے۔ یہ سورج غروب ہونے کے بعد بچوں یعنی مزدور اور پسماندہ نوجوانوں کو شمسی توانائی کا استعمال کرتے ہوئے تعلیم دینے کی کوشش کرتا ہے۔ سارا دن محنت مزدوری کر کے رات کو فارغ ہونے والے بچوں کے لیے ایک بہترین درس گاہ ہے۔ اس سکول کا مقصد بچوں کو انفارمیشن اور ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کا ہنر سکھایا جاتا ہے۔ SLUM والوں کا کہنا ہے کہ: "پاکستانی حکومت تعلیم دینے میں ناکام رہی۔ گزشتہ اور موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے تعلیم کے شعبے میں بہتری کے بلند دعوے کیے لیکن سرکاری اعداد وشمار ایک تاریک تصویر پیش کرتے ہیں۔ SLUM سکول پاکستان میں رہنے والے 23 ملین سکول سے باہر بچوں اور لاکھوں ناخواندہ بالغوں اور نوجوانوں کے لیے ایک متبادل تعلیمی نظام ہے۔ ان میں سے زیادہ تر اسکول سے باہر بچے سارا دن کام کرتے ہیں اور رات کو فارغ ہوجاتے ہیں۔ تو ہمارا اسکول غروب آفتاب کے بعد شام 7 بجے کے قریب شروع ہوتا ہے لہذا یہ طلباء اپنے کام کے بعد آسانی سے ہمارے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں جو عام طور پر اس وقت سے پہلے مزدوری کا وقت ختم ہوجاتا ہے۔ "اس سکول کا اجراء 2016 میں فیصل آباد میں ہوا۔ یہ سکول سو سے زائد طلباء کو مفت خوراک، بیگز، کتابیں، کپڑے، کھیلوں کی اشیاء اور اسٹیشنری کے ساتھ اچھی تعلیم بھی دے رہا ہے۔ یہ بچوں کو اخلاقیات اور آداب سکھانے کے ساتھ ساتھ مختلف سرگرمیاں بھی کرواتا ہے۔ جیسے فیملی ڈے، سپورٹس ڈے، آئس کریم ڈے، عید ملن پارٹی، وغیرہ۔ انعامات تقسیم کی تقریبات بھی ہوتی ہیں جس میں طلباء کو چاکلیٹ، بسکٹ، کپڑے، کھانا اور دیگر تحائف دیئے جاتے ہیں۔ مسٹر روحیل دو گھنٹے روزانہ سکول کا چکر لگاتے ہیں۔ روحیل ورند نے SLUM سکول صرف 21 سال کی عمر میں شروع کیا۔ وہ رات کو شمسی پنکھے اور شمسی اشیاء استعمال کر کے پڑھاتے تھے۔ انہوں نے یہ سکول خاص طور پر مزدور کار بچوں کے لیے بنوایا تھا تاکہ گھر واپسی کے بعد وہ لوگ رات کو علم بھی حاصل کر سکیں۔ روحیل وہاں شروع سے اکیلے پڑھاتے تھے لیکن اب ان کے دوستوں نے بھی اس کار خیر میں حصہ لیا اور رضا کارانہ طور پر پڑھاتے ہیں۔ روحیل کا کہنا ہے کہ: "ہمیں یقین ہے کہ یہ اوپر کی طرف نقل وحرکت کا پورٹل ہے، طلباء کے لیے غربت سے بچنے کا ایک ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے طلباء کو IT، لیپ ٹاپ، ایڈوب فوٹو شاپ وغیرہ کا استعمال سکھا رہے ہیں۔ فی الحال ہم اپنی طالبات کو گرافک ڈیزائننگ سکھا رہے ہیں جو گھریلو ملازمہ اور نوکرانی کے طور پر کام کر رہی ہیں۔" مزید یہ بھی کہا کہ "سکول کو متعدد بین الاقوامی میڈیا اور تنظیموں، پاکستانی نیوز چینلز اور نیوز پیپرز بشمول BBC News، BBC، World BBC، BBC مستقبل، News اردو، BBC News ہندی، BBC News پنجابی، گلف نیوز، ورلڈ اکنامک فورم، کی طرف سے بھی نمایاں اور سراہا گیا ہے۔ ہمارے کام کو چینی، روسی، تھائی، جرمن، البانیائی، ہندی، پرتگالی اور انڈونیشی زبان میں بھی نمایاں اور ترجمہ کیا گیا ہے۔ اب، SLUM اسکول اس تصور کو پورے ملک میں پھیلانے اور دوسرے لوگوں کو بھی حصہ لینے کی ترغیب دینے کی امید رکھتا ہے۔" جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ اپنے منصوبے کو کس طرح سپورٹ کرتے ہیں اور اگر لوگ اپنا حصہ ڈالنا چاہتے ہیں تو ان سے کیسے رابطہ کریں، خ۔ انہوں نے کہا کہ "کوئی مستقل ڈونرز نہیں ہیں۔ مزید یہ کہ، ہم نقد عطیات نہیں لیتے ہیں ہم خوراک، شمسی آلات، آئی ٹی مصنوعات (لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ، پروجیکٹر وغیرہ) کی شکل میں عطیات کو ترجیح دیتے ہیں، ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ لوگ خود ایک بورڈ اور بورڈ مارکر خریدیں اور آس پاس کے غیر مراعات یافتہ بچوں کو پڑھانا شروع کریں۔ ہم نے بچوں کے مزدوروں اور پسماندہ نوجوانوں کے لیے "دنیا کا بہترین اسکول" بنانے کی پوری کوشش کی۔ "یہ روحیل کے لیے ایک ڈریم پراجیکٹ ہے کیونکہ اس میں روحیل کی بہت محنت اور لگن شامل ہے۔ اس نے اپنے SLUM سکول (ایک متبادل تعلیمی نظام) کے لیے جتنا کچھ کرسکتا تھا وہ بخوبی کیا۔ کیونکہ اس کا خیال ہے کہ ہمارا ملک ہمارے اوپر ہے اور جو بھی نقصان ہمارے نوجوان اٹھا رہیں ہیں ان کا ازالہ کرنا ہر ایک کا اولین فریضہ ہے۔ کئی دہائیوں سے پاکستان ناخواندگی میں دھنستا چلا جا رہا ہے۔ صرف تعلیم سے ہی پاکستان کا حال اور مستقبل روشن ہوسکتا ہے۔ اس لیے اس مقصد کے لیے بہت انتھک محنت کی ضرورت ہے تاکہ 23 ملین پسماندہ بچوں اور لاکھوں پسماندہ نوجوانوں کو ایک روشن مستقبل دیا جاسکے۔ روحیل ورند نے ایک نیک کام کے لئے قدم بڑھایا ہے۔ انہوں نے پاکستان کا مستقبل روشن کرنے کے لیے یہ متبادل تعلیمی نظام متعارف کروایا اور اپنے ہم وطنوں کو بھی دعوت دے رہے ہیں۔ اللہ روحیل صاحب کے اس مشن کو جاری وساری رکھے اور ان کا مقصد حیات یعنی ایک روشن نوجوان پاکستان کی تشکیل کا اجر عظیم ان کو ملے۔ اقبال نے کیا خوب کہا ہے کہ؛ ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا دردمندوں، سے ضعیفوں سے محبت کرنا۔

سنو اے بنت حوا

حافظہ منیبہ رمضان کمالیہ فیصل آباد

سنو اے بنت حوا تم پردے میں اچھی لگتی ہوں جب تم سنورتی ہوں اچھی لگتی ہو فخر آسمان بھی کرتا ہیں تجھ پہ ملائکہ بھی اترتے ہیں تیری حفاظت کو سنو اے بنت حوا تم ہمیشہ پردے میں رہنا یہ ہیں عزت تماری اس میں رہنا گلابوں سے مہکتی ہو تم پردے میں رہنا سن اے بنت حوا یہ ہیں حفاظت تیری تم پردے میں رہنا سنو اے بنت حوا حجاب کبھی اترنے نہ دینا زلفوں کو بکھرنے نا دینا اسلام سے محبت کی تم قائم اک نئی مثال دینا عزتوں کی حفاظت کرنا پردے میں ہمیشہ رہنا یے دنیا تو فانی ہیں تم قیامت میں روشن ہونا لوگ تمھے جاہل کھے گے تم بس مسکراتی رہنا اے مری بہنا تم ہمیشہ پردے میں رہنا

گم

کیا لگن یہ ہے اس سوال میں گم
کب جھلک ہوگی انتظار میں گم
وحشتیں روز اُکے بڑھ جائیں
میں تیرے پیار کے حصار میں گم
لوگ مجھ کو سودائی گردانے
میں تیرے عشق کی دھمال میں گم
جس نے تجھ کو الگ سے پہچانا
پیار کی اُگ کے مشعال میں گم
جو بھی ان سے ملا۔ رضا تیری
ہوگئے ہم اسی حال میں گم
تن بدن دھجیوں کی صورت ہے
دنیا کہتی رہے۔ عذاب میں گم
سعید خان بھلوال

SPORTS
کھیل کھلاڑی

Show Biz
شوبز کارنر

کام چل کر میرے پاس آتا ہے' اداکارہ ریچل خان

زندگی میں کبھی کام حاصل کرنے کیلئے ڈرامہ پروڈیوسر کے پاس نہیں گئی

لاہور (این این آئی) اداکارہ و ماڈل ریچل خان نے کہا ہے کہ اگر عزم پختہ ہو اور منزل پانے کی جستجو ہو تو آپ ضرور اپنے ارادوں میں کامیاب ہو جاتے ہیں، بات صرف نیت کی ہے، اگر آپ کسی کام کا ارادہ کرلیں تو آپ اس کو ضرور کر سکتے ہیں۔ انہوں نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے زندگی میں جن چیزوں کی تمنا کی اور میری نیت کی بدولت خدا نے مجھے وہ ضرور عطاء کیں۔ انہوں نے کہا کہ میں زندگی میں کبھی کام حاصل کرنے کے لئے کسی ڈرامہ پروڈیوسر کے پاس نہیں گئی، یہ میری خوش قسمتی ہے کہ کام چل کر میرے پاس آتا ہے۔

سری دیوی کی برسی، شوہر بونی کپور جذباتی ہوگئے

طویل قیام کیلئے دوبارہ وینس کے دورے کا ارادہ کیا مگر تقدیر نے منصوبے کو مسترد کردیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف فلم پروڈیوسر اور آنجہانی اداکارہ سری دیوی کے شوہر بونی کپور اپنی اہلیہ کی برسی پر جذباتی ہوگئے۔ سری دیوی کی برسی کے موقع پر بونی کپور نے انسٹاگرام پر ماضی کی ایک یادگار تصویر شیئر کی۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی تصویر میں بونی کپور اور ان کی اہلیہ سری دیوی کشتی میں بیٹھے ہیں جبکہ یہ تصویر اٹلی کے شہر وینس میں لی گئی تھی۔ بونی کپور نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ ہم نے 7 ستمبر 2008 کو میلان سے وینس کا سفر کیا اور شہر میں صرف چند گھنٹے گزارے تھے۔ انہوں نے لکھا کہ ہم نے طویل قیام کے لیے دوبارہ وینس کا دورہ کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن تقدیر نے ہمارے منصوبے کو مسترد کردیا۔



فلم کو صنعت کا درجہ دینے کیلئے اعلانات کافی نہیں، جاوید شیخ

جامع اور موثر پالیسی بنائی جائے اور پھر سب کو اس پالیسی پر پہرہ دینا ہوگا



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار جاوید شیخ نے کہا ہے کہ فلم کو صنعت کا درجہ دینے کیلئے صرف اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات بھی ناگزیر ہیں، اس کے لئے جامع اور موثر پالیسی بنائی جائے اور پھر سب کو اس پالیسی پر پہرہ دینا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری کے لئے ایسی پالیسی تشکیل پانی چاہیے تاکہ ملک میں جو بھی حکومتیں آئیں سیاست اس پالیسی پر اثر انداز نہ ہو، کامیاب ممالک کو دیکھتے ہوئے اپنی ثقافت میں رہتے ہوئے ان کے تجربات سے استفادہ کرنا چاہیے۔ پالیسی کی کامیابی کیلئے شوبز انڈسٹری کے سنجیدہ اور سینئر لوگوں سے مشاورت کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

شوبز کی دنیا میں آکر زندگی کا حقیقی نصاب پڑھنے کو ملا' ہما علی

یہاں آکر جو کچھ سیکھا ہے وہ شاید عام زندگی میں سیکھنے کیلئے سو سال کا عرصہ لگتا' انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ہما علی نے کہا ہے کہ شوبز کی دنیا میں آکر زندگی کا حقیقی نصاب پڑھنے کو ملا اور یہ ایسا شعبہ ہے جو انسان کو بہت کچھ سکھا دیتا ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ میں نے شوبز کی دنیا میں آکر جو کچھ سیکھا ہے وہ شاید عام زندگی میں سیکھنے کیلئے مجھے سو سال کا عرصہ لگتا۔ میں صرف اپنے کام سے غرض رکھتی ہوں اور اپنی محنت کے بل بوتے پر آج موجودہ مقام تک پہنچی ہوں مگر سب سے پہلے اپنے خدا کا شکر ادا کرتی ہوں، جس نے مجھ ناچیز کو عزت، شہرت اور مرتبہ عطاء کیا اور اس کے ساتھ میڈیا کے بھرپور تعاون پر انکی بھی شکر گزار ہوں۔

مہر بانو کی منگنی کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

کراچی (این این آئی) 'میرے پاس تم ہو، غلطی، خدا اور محبت' جیسے ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ مہر بانو کی منگنی کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ مہر بانو نے خود اپنے انسٹاگرام پر منگنی کی تصاویر شیئر نہیں کیں اور نہ ہی ان کے منگیتر پروڈیوسر شاہ رخ کاظم علی نے کوئی پوسٹ کی۔ تاہم دونوں کی منگنی کی تصاویر اور ویڈیوز 25 فروری کو مختلف سوشل میڈیا پیجز پر وائرل ہوگئیں، جن میں دونوں کو ایک دوسرے کو انگوٹھیاں پہناتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ مختلف شوبز سوشل میڈیا پیجز پر وائرل ہونے والی ویڈیوز اور تصاویر میں مہر بانو اور شاہ رخ کاظم علی کو دیگر دوستوں کے ہمراہ منگنی کے موقع پر خوش دیکھا جا سکتا ہے۔

پی ایس ایل سے پاکستان کا روشن چہرہ پوری دنیا کے سامنے آرہا ہے' ثناء

ثابت ہوگیا پاکستان اور اس کے عوام امن اور محبت کے فلسفے پر یقین رکھتے ہیں

لاہور (این این آئی) فلمسٹار ثنا نے کہا ہے کہ پاکستان سپر لیگ کے انعقاد سے ایک بار پھر پاکستان کا روشن چہرہ پوری دنیا کے سامنے آرہا ہے، لاہور اور کراچی میں ہونے والے میچز نے حقیقت پر مہر ثبت کر دی ہے کہ پاکستان اور اس کے عوام امن اور محبت کے فلسفے پر مکمل یقین رکھتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ثنا نے کہا کہ مخصوص لابی پاکستان کو دنیا میں بدنام کرنے کے لئے کھربوں روپے خرچ رہی ہے مگر پاکستان کے دشمنوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں پاکستان اپنے کردار سے ایک نمایاں مقام کا حامل رہا ہے۔

جو اداکار تھیٹر کی مار کھا گیا وہ پھر کسی جگہ فیل نہیں ہوسکتا' ببرک شاہ

پاکستان کے اسٹیج کا ماضی بڑا شاندار ہے، اس سے تقویت لینی چاہیے

لاہور (این این آئی) نامور اداکار ببرک شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں اسٹیج پر خالصتاً پنجاب کی روایت سے جڑے ڈرامے پیش کرنے چاہئیں، اسٹیج پر ایسا کردار ملے جس میں مارجن ہو تو ضرور کام کروں گا تھیٹر کسی بھی اداکار کے لئے بنیادی تربیت گاہ ہے جو اداکار تھیٹر کی مار کھا گیا وہ پھر کسی جگہ فیل نہیں ہوسکتا۔ ایک انٹرویو میں ببرک شاہ نے کہا کہ تھیٹر پر اصل میں پنجابی جگت ہی دیکھنے والوں کو محظوظ کرتی ہے اس لئے ہمیں اسٹیج پر خالصتاً پنجاب کی روایت سے جڑے ڈرامے پیش کرنے چاہئیں۔ ہمارے پاس بڑی کہانیاں ہیں جنہیں اسٹیج پر لایا جاسکتا ہے اور اس سے اسٹیج کا دوبارہ جنم ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اسٹیج کا ماضی بڑا شاندار ہے اور اسٹیج سے جڑے لوگوں کو اس سے رہنمائی اور تقویت لینی چاہیے۔

شاہین آفریدی کا فائنل پہنچنے پر خوشی کا اظہار

اب صرف فائنل کا ایک میچ رہ گیا ہے، چاہتا ہوں ٹیم اس کے ہر لمحے سے لطف اندوز ہو، شاہین آفریدی



اسلام آباد (این این آئی) قلندرز کے کپتان شاہین آفریدی نے فائنل پہنچنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب صرف فائنل کا ایک میچ رہ گیا ہے، چاہتا ہوں ٹیم اس کے ہر لمحے سے لطف اندوز ہو۔ قلندرز کے کپتان شاہین آفریدی نے ٹوئٹر پیغام میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے ٹیم کی محنت کو جیت کی وجہ قرار دیا اور انہوں نے خاص طور پر ڈیوڈ ویزا، حارث رؤف، عبداللہ شفیق اور زمان خان کو مینشن کیا۔ شاہین نے کہا کہ اب صرف فائنل کا ایک میچ رہ گیا ہے، میں چاہتا ہوں ٹیم اس کے ہر لمحے سے لطف اندوز ہو۔

محمد رضوان جیسے کپتان بہت ہی کم ہوتے ہیں، آصف آفریدی

ایک سال کے دوران 7 ٹائٹلز جیت چکا ہوں، خواہش ہے 8واں ٹائٹل بھی جیتوں

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیون کی فائنلسٹ ملتان سلطانز کے آل راؤنڈر آصف آفریدی نے کہا ہے کہ محمد رضوان جیسے کپتان بہت ہی کم ہوتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں آصف آفریدی نے کہا کہ پی ایس ایل میں محمد رضوان جس انداز میں کپتانی کرتے ہیں، ایسے کپتان بہت کم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا پلان یہی ہوتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ ڈاٹ بالز کرواؤں، پٹائی ہونے پر کپتان ہمیں باتیں نہیں سناتا، جس سے حوصلہ ملتا ہے۔ ملتان سلطانز کے آل راؤنڈر نے مزید کہا کہ پی سی بی چیئرمین رمیز راجا نے کہا کہ عمر کا مسئلہ نہیں ہے، جو پرفارم کرے گا ٹیم میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ شعیب ملک کو دیکھ کر لگتا ہے کہ ان کے سامنے انڈر 19 بھی کچھ نہیں ہے۔ آصف آفریدی نے کہا کہ ایک سال کے دوران 7 ٹائٹلز جیت چکا ہوں، خواہش ہے کہ 8واں ٹائٹل بھی جیتوں۔

پی ایس ایل کھیلنے کا تجربہ بہت کام آئے گا، ہیری

کم عمر میں ایسی کنڈیشنز کا تجربہ بہت مفید ہوتا ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) انگلش کرکٹر ہیری بروک نے کہا ہے کہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کھیلنے کا تجربہ مستقبل میں کام آئے گا۔ ایک انٹرویو میں ہیری بروک نے کہا کہ پی ایس ایل میں کھیل کر پاکستان کی کنڈیشنز کا کافی حد تک اندازہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم عمر میں ایسی کنڈیشنز کا تجربہ بہت مفید ہوتا ہے، پاکستانی لیگ میں بولنگ کا معیار کافی سخت ہے۔ انگلش کرکٹر نے کہا کہ شاداب خان کو کھیلنا اچھا لگا، وہ بہترین بولرز میں سے ایک ہیں، کوشش ہے آج بھی اچھی اننگز کھیل کر لاہور قلندرز کو کامیاب کراؤں۔

محمد رضوان کی لاہور قلندرز کو فائنل میں جگہ بنانے پر مبارکباد

آپ لوگوں نے مقابلے میں کافی محنت کی، جانتا ہوں آپ لوگ ہمت نہیں ہاریں گے



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 7 میں فائنلسٹ ٹیم ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے لاہور قلندرز کو فائنل میں جگہ بنانے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری پیغام میں محمد رضوان نے گزشتہ روز کھیلے جانے والے ایلیمینیٹر دو کے حوالے سے کہا کہ لاہور قلندرز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے درمیان میچ سنسنی خیز رہا، میں اس میچ کے ایک ایک لمحے سے لطف اندوز ہوا۔ رضوان نے کہا کہ فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے پر شاہین آفریدی اور لاہور قلندرز کو مبارکباد دیتا ہوں۔ آپ لوگوں نے اس میچ کو جیتنے کے لیے سب کچھ کیا۔ ملتان سلطانز کے کپتان نے اسلام آباد یونائیٹڈ کے اسکپر شاداب خان کے لیے کہا کہ آپ لوگوں نے مقابلے میں کافی محنت کی

پاکستان آسٹریلیا ٹیسٹ میچ سیکورٹی انتظامات مکمل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 4 مارچ سے راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ شیڈول کے مطابق پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ 12 سے 16 مارچ تک کراچی اور تیسرا ٹیسٹ 21 سے 25 مارچ تک لاہور میں کھیلا جائے گا۔ دوسری جانب پاکستان آسٹریلیا ٹیسٹ میچ سیکورٹی انتظامات مکمل کر لئے گئے، پاک فوج کی مدد لی جائیگی۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم سے ملحقہ تمام تجارتی مراکز بند رہیں گے، راولپنڈی فوڈ اسٹریٹ، علامہ اقبال پارک اور ڈبل روڈ کو سیل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ٹیموں کی آمد ورفت کے موقع پر مخصوص علاقوں میں موبائل سروس معطل رہے گی، راولپنڈی میٹروبس سروس کا روٹ محدود کیا جائے گا۔ راولپنڈی پولیس کے 4 ہزار سے زائد اہلکار تعینات ہوں گے، راولپنڈی ٹیموں کی آمد ورفت موقع پر زیرو ٹریفک روٹ لگایا جائے گا، راولپنڈی سٹی ٹریفک پولیس کے 350 اہلکار بھی تعینات ہوں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق راولپنڈی اسٹیڈیم کے قریب بلند عمارتوں پر ماہر نشانہ باز تعینات ہوں گے۔

یوکرین پر حملہ، روس سے اہم فٹبال مقابلے کی میزبانی چھین لی گئی

یوئیفا کے فائنل کی میزبانی اب روس کے بجائے فرانس کرے گا

کیف (این این آئی) یوکرین پر حملے کے بعد روس سے اہم فٹبال مقابلے کی میزبانی چھین لی گئی۔ گزشتہ دنوں روس نے اپنے پڑوسی ملک یوکرین پر حملہ کیا جس کے بعد جنگ تیز ہوگئی۔ امریکا، برطانیہ اور یورپی ممالک نے روسی اداروں پر مالی پابندیاں لگانا شروع کردی ہیں اور اب کھیل پر بھی جنگ کے کالے بادل چھانے لگے۔ میڈ رپورٹس کے مطابق دی یونین آف یورپین فٹبال ایسوسی ایشن (یوئیفا) چیمپئن شپ 2021-22 کا فائنل رواں سال روس کے شہر سینٹ پیٹرز برگ میں ہونا تھا تاہم اب اس کی میزبانی روس سے واپس لے لی گئی ہے۔ رپورٹس کے مطابق یوئیفا کے فائنل کی میزبانی اب روس کے بجائے فرانس کرے گا اور فائنل میچ 28 مئی کو پیرس میں ہوگا۔ میڈیا رپورٹس میں کہا گیا کہ یوئیفا ایگزیکٹو کمیٹی نے یہ فیصلہ یورپ کی سکیورٹی صورتحال کے باعث کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ یوکرین اور روس کی قومی فٹبال ٹیمیں اور کلبز اپنے میچز کسی نیوٹرل مقام پر کھیل سکتی ہیں۔

ویمنز ورلڈکپ 4 مارچ سے 3 اپریل تک نیوزی لینڈ میں کھیلا جائے گا

پاکستان ٹیم 27 فروری کو نیوزی لینڈ کے خلاف پہلا وارم اپ میچ کھیلے گی، دوسرا دو مارچ کو کھیلا جائیگا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کے سلسلے میں پاکستانی ٹیم پہلا وارم اپ میچ (آج) اتوار کو نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلے گی، دوسرا دو مارچ کو کھیلا جائیگا، میگا ایونٹ 4 مارچ سے 3 اپریل تک نیوزی لینڈ میں کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیم (آج) اتوار 27 فروری کو نیوزی لینڈ کے خلاف پہلا وارم اپ میچ کھیلے گی جبکہ دوسرا وارم اپ میچ 2 مارچ کو بنگلا دیش کے خلاف کھیلا جائے گا۔ آئی سی سی ورلڈ کپ میں اپنا پہلا میچ 6 مارچ کو بھارت کے خلاف کھیلے گی۔ شیڈول کے مطابق 6 مارچ کو پاکستان بمقابلہ بھارت بمقام بے اوول ترنگا، 8 مارچ کو پاکستان بمقابلہ آسٹریلیا بمقام بے اوول، ترنگا، 11 مارچ کو پاکستان بمقابلہ جنوبی افریقہ بمقام بے اوول، ترنگا، 14 مارچ کو پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش بمقام سیڈون پارک، ہملٹن، 21 مارچ کو پاکستان بمقابلہ ویسٹ انڈیز بمقام سیڈون پارک، ہملٹن، 24 مارچ کو پاکستان بمقابلہ انگلینڈ بمقام ہیگلے اوول کرائسٹ چرچ، 26 مارچ کو پاکستان بمقابلہ نیوزی لینڈ بمقام ہیگلے اوول کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائیگا۔

بقیہ 1

میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ ہلاک دہشت گرد سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ ہلاک دہشت گرد سکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھا۔ علاقے کے مقامی لوگوں نے آپریشن کو سراہا اور علاقے سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 2

ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوٹھوہار، ایس پی سی آئی اے اور سینئر پولیس افسران موقعہ پر پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی کے علاقہ میں زیر تعمیر مکان میں پانی کی زیر زمین ٹینکی سے 10 سالہ بچے کی نعش ملنے کی اطلاع پر سی پی او عمر سعید ملک، ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض، ایس پی پوٹھوہار، ایس پی سی آئی اے اور سینئر پولیس افسران موقعہ پر پہنچ گئے، سی پی او نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور ایس ایس پی آپریشنز کی زیر نگرانی ٹیمیں تشکیل دے کر معاملہ کی تحقیقات کا حکم دیا، فرانزک ٹیمیں موقعہ سے شواہد اکٹھے کر رہی ہیں، نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے، ابتدائی تحقیقات میں تشدد کے شواہد سامنے نہیں آئے تاہم فرانزک اور پوسٹ مارٹم رپورٹس کی روشنی میں حتمی رائے قائم کی جائے گی، بچے کے اغوا کا مقدمہ 3 روز قبل تھانہ صدر بیرونی میں درج کیا گیا تھا، واقعہ کی میرٹ پر تفتیش کر کے حقائق کو سامنے لایا جائے گا۔

بقیہ 3

زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اور سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی بھی خصوصی شرکت کریں گے۔ ضلع سرگودھا میں اپنی نوعیت کا یہ ایک میگا ایونٹ ہوگا جس میں ہائی ویلیو ایگریکلچر کے درآمد و برآمد کنندگان، کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد شریک ہوگی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیلئے عالمی سطح پر بڑی منڈیوں تک رسائی کے لئے کوششیں جاری ہیں اور یہ زرعی نمائش ان کاوشوں کا ایک سلسلہ ہے۔ نمائش میں مقامی وملکی زرعی مصنوعات' انڈسٹری' زرعی مشینری' پھل اور سبزیوں کے سٹال لگائے جائیں گے۔ قومی وعلاقائی سیاحت وثقافت کو فروغ دینے کیلئے دستاویزی فلموں کی نمائش کی جائیگی۔ انہوں نے بتایا کہ 27 فروری بروز اتوار رات کو محفل سماع وصوفیانہ کلام بھی منعقد ہوگی جس میں طلبہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرینگے۔ 28 فروری بروز سوموار شام ساڑھے چار بجے اختتامی تقریب منعقد ہوگی جس کیلئے مشیر وزیر اعظم پاکستان برائے تجارت' ٹیکسٹائل' انڈسٹریز' پیداوار اور سرمایہ کاری عبدالرزاق داؤد کو مدعو کیا گیا ہے۔ ترجمان نے توقع کا اظہار کیا کہ نمائش سے کسان' زمیندار زرعی انڈسٹری سے منسلک' صنعت کار اور برآمد کنندگان استفادہ کریں گے۔

بقیہ 4

ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ قانونی کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 5

لیٹر کی ریکارڈ سطح پر ہے۔ 16 فروری کو خام تیل کی قیمت 94 ڈالر فی بیرل یومیہ تھی۔ یوکرین پر روسی حملے کے نتیجے میں قیمتوں میں اضافہ ہوا جو 2014 کے بعد پہلی بار 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی۔ صنعتی ماہرین کے مطابق روس نے 2014 میں کریمیا کے خلاف اس وقت جارحیت کی تھی جب اس نے پٹرولیم مصنوعات کے ذریعے فنڈز اکٹھے کیے تھے، ان کا کہنا تھا کہ امریکا کے پاس شیل آئل بھی ہے تاہم یہ مہنگا ہے تاہم امریکا اسے عالمی منڈی میں لانے کی کوشش کر سکتا ہے تا کہ روسی ریونیو کو نقصان پہنچانے کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جا سکے۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ امریکا شاید ایران پر عائد پابندیاں نرم کردے تاکہ وہ اسے عالمی مارکیٹ میں تیل کی فروخت کی اجازت ملے اور اس طرح فی بیرل پیٹرول کی قیمت ایک بار پھر 65 ڈالر کی سطح پر آجائے تاہم ایران کے ساتھ روس کے ساتھ تعلقات دیرینہ ہیں اسی لیے اس آپشن پر عمل مشکل نظر آتا ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر موجودہ صورت حال کا فوری طور پر کوئی حل نہ نکلا تو عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت 125 ڈالر فی بیرل تک جا سکتی ہے۔ معاشی ماہرین نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ایسی صورت میں پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 200 روپے فی لیٹر تک جاسکتی ہے جس کے نتیجے میں پاکستانی صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اور اس اضافے کا براہ راست اثر کم آمدنی والے گھرانوں پر پڑے گا جو پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں۔ اس بات کے امکانات ہیں کی پیٹرول کی قیمت میں 9 روپے 59 پیسے فی لیٹر اضافہ ہوگا جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 169 روپے 45 پیسے فی لیٹر ہوجائے گی۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے 52 پیسے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے جس کے بعد ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 162 روپے 67 پیسے فی لیٹر ہوجائے گی۔

بقیہ 6

وزیر اعظم عمران خان نے ان سے ان کی صحت بارے دریافت کیا اور ان کی صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دو سال کے بعد وزیر اعظم عمران خان اور جہانگیر ترین کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ جہانگیر ترین علاج کے لئے لندن روانہ ہوگئے اور ان کی ائیر ایمبولینس کے ذریعے روانگی ہوئی ہے۔ جہانگیر ترین ایک ہفتے تک لندن میں قیام کریں گے اور ڈاکٹروں کے مشورے پر وطن واپسی کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ جہانگیر ترین تین روز تک لاہور میں بھی زیر علاج رہے جس کے بعد وہ گھر منتقل ہوگئے تھے۔ بتایا گیا ہے کہ جہانگیر ترین السر کے مرض میں مبتلا ہیں۔

بقیہ 7

انوسٹی گیشن پولیس چوری کے مقدمے میں ملوث دو ملزمان نوریز اور ذوالفقار کو ماڈل ٹاؤن کچہری لے جایا جارہی تھی۔ اس موقع پر ایک ملزم نوریز نے پولیس اہلکاروں کو چکمہ دیا اور ہاتھ چھڑا کر ہتھکڑی سمیت فرار ہوگیا، ملزم کو پکڑنے کیلئے پولیس اہلکار نے اس کا تعاقب کیا اور کچھ دور جا کر اسے دوبارہ پکڑلیا۔ پولیس اہلکار ملزم نوریز کو پکڑ کر واپس آیا ہی تھا کہ اسی دوران دوسرا ملزم ذوالفقار بھی ہتھکڑی سمیت بھاگ گیا جسے بعد ازاں پکڑ کر واپس لایا گیا۔ واقعے کے بعد پولیس اہلکاروں کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا، اس سلسلے میں تھانہ سمن آباد کے انسپکٹر کی مدعیت میں مذکورہ دونوں اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق اہلکاروں کی جانب سے ملزمان کو عدالت لے جانے میں غفلت اور لاپرواہی برتی گئی۔ جن کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی، جن اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے ان میں اے ایس آئی اصغر علی اور کانسٹیبل عبدالمجید شامل ہیں، مذکورہ اہلکاروں کو معطل کر کے حراست میں لے لیا گیا ہے۔

بقیہ 8

حاصل ہے۔ ترجمان حکومت پنجاب نے بتایا کہ ہم پورے ملک کی ثقافت کو جشن بہاراں میں نمائندگی دے رہے ہیں۔ میلے میں آنے والوں کو پورے پاکستان کی مجموعی جھلک دیکھنے کو ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار معاون خصوصی وزیر اعلی پنجاب حسان خاور نے جیلانی پارک میں جشن بہاراں کی تیاریوں کے سلسلے میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مارچ کا پورا مہینہ جشن بہاراں کے حوالے سے نت نئی اور منفرد تقریبات منعقد کی جا رہی ہیں جن میں آرٹس اینڈ کرافٹ فیسٹیول، ایرومیڈیا شو، داستان گوئی، برڈ شو، خواتین کے حقوق کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب، بہار مشاعرہ، کبڈی ٹاکرہ، تصویری نمائش، باغ جناح میں صوفی نائٹ، لبرٹی چوک میں پرانی گاڑیوں کی نمائش اور پاکستان ڈے کی مناسبت سے خصوصی تقریب شامل ہیں۔ اس موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد شور سے زیادہ کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کی جڑیں کاٹنے والے اور ایک دوسرے کو سڑکوں پر گھسیٹنے والی تمام اپوزیشن جماعتوں کے اکٹھا ہونے کے پیچھے صرف ملک دشمنی اور احتساب کا تنگ ہوتا شکنجہ نظر آتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صحت انصاف کارڈ جیسے فقید المثال منصوبے ہی اپوزیشن کی نیندیں اڑانے کو کافی ہے۔ حسان خاور نے مزید کہا کہ ہوسکتا ہے جب تحریک عدم اعتماد کی باری آئے تو اپوزیشن کو لینے کے دینے پڑ جائیں۔ چوہدری برادران کی اپوزیشن جماعتوں سے حالیہ ملاقاتوں کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ان ملاقاتوں سے جو مطلب اپوزیشن نکال رہی ہے چوہدری برادران اسکی بار ہا تردید کر چکے ہیں۔ انہوں نے میڈیا کو بتایا کہ جشن بہاراں کے حوالے سے پولیس اور انتظامیہ کی مدد سے سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ امن وامان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کسی قسم کی دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں۔

بقیہ 9

کہا کہ سیاست میں منفی رویے ملک کیلئے نقصان دہ ہیں۔ اپوزیشن صرف اقتدار کی خاطر سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ عدم اعتماد کی باتوں میں شکست خوردہ اپوزیشن کی طرح کوئی جان نہیں۔ جنہیں شوق ہے وہ عدم اعتماد لے آئیں، گھبرانے والے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو علم ہے کہ حکومت کو نمبر گیم میں سبقت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ عدم اعتماد کی باتیں صرف اپنا دل بہلانے کیلئے کر رہے ہیں۔ اپوزیشن کے عاقبت نااندیش عناصر نے عدم اعتماد کو کھیل سمجھ رکھا ہے۔ نازک حالات میں منفی سیاست کرنے والوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں حکومت مضبوط ہے اور مدت پوری کرے گی- وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کو گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار گرلز راولپنڈی کیلئے 100 ملین روپے کے فنڈز کے اجراء کا لیٹر دیا- شیخ رشید احمد نے فنڈز کے اجراء پر وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کا شکریہ ادا کیا-

بقیہ 10

بزدار نے عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ امن عامہ برقرار رکھنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی ترجیح نہیں۔ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے پہلے بھی ضروری اقدامات کئے اور آئندہ بھی کریں گے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا اور صوبے میں قانون کی عملداری کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ وفاقی وزارت داخلہ امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے پنجاب حکومت کو سپورٹ کرے گی۔ ترجمان پنجاب حکومت حسان خاور، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیف سیکرٹری پنجاب، انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 11

کا افتتاح کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے کوہاٹ میں کامسیٹس یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کردیا، اس حوالے سے شبلی فراز کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی سے کوہاٹ اور قبائلی اضلاع کے ہزاروں نوجوان اعلی تعلیم سے مستفید ہوسکیں گے۔ شبلی فراز نے کہا کہ قبائلی اضلاع کے ہزاروں طلباء اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکیں گے، قبائلی اضلاع کے طلباء کے لئے یونیورسٹی قائم کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ قبائلی اضلاع کے طلباء کیلئے سب کیمپس بنانے جارہے ہیں، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کامسیٹس یونیورسٹی کوہاٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اعلیٰ تعلیم کے لئے جنوبی اور قبائلی اضلاع کے طلباء کو دور جانا پڑتا تھا، یونیورسٹی سے کے پی کے جنوبی اور قبائلی اضلاع مستفید ہوں گے۔

بقیہ 12

نے طیش میں آ کر چھری کے وار سے تیس سالہ ثوبیہ مسیح کا گلہ کاٹ دیا جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 13

رکھتے ہوئے، ہم نے احساس 8171 ایس ایم ایس سروس کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق خاندان احساس کے راشن رعایت پروگرام سے مستفید ہوسکیں۔ جن خاندانوں کی ماہانہ آمدنی 50,000 روپے سے کم ہے وہ اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر 8171 پر بھیج کر اپنا اندراج کروا سکتے ہیں۔ درخواست دہندگان کے خاندان کا صرف ایک فرد جس کا موبائل نمبر اس کے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر جاری کیا گیا ہے وہ 8171 کے ذریعے اپنے خاندان کو رجسٹر کروا سکتا ہے۔ ڈاکٹر ثانیہ نے کہا، "نیشنل بینک آف پاکستان کی شراکت سے پروگرام کا باضابطہ آغاز ہوچکا ہے۔ اس سلسلے میں، تمام تر انتظامات مکمل ہیں "۔ 26 جنوری 2022 کو پورٹل کے بند ہونے تک، رجسٹریشن کے پہلے مرحلے میں، 19.5 ملین درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 9.3 ملین خاندانوں کی نشاندہی کی گئی۔ ان خاندانوں کی اہلیت کی تصدیق فی الحال "احساس سروے رجسٹری اور ڈیٹا اینالیٹکس " کے ذریعے کی جا رہی ہے اور کچھ خاندانوں کو انکی اہلیت کی تصدیق کے لیے 8171 سے اہلیت کے پیغامات موصول ہونا شروع ہوگئے ہیں اور وہ احساس راشن سبسڈی کو استعمال کر رہے ہیں۔ پروگرام کے تحت، 20 ملین اہل خاندانوں کو آٹا، دالوں، کوکنگ آئل یا گھی کی خریداری پر ماہانہ بنیادوں پر 30 فیصد ٹارگٹڈ سبسڈی دی جائے گی۔ مجموعی طور پر، ملک بھر میں 130 ملین افراد اس پروگرام سے مستفید ہوں گے جو کہ ملک کی آبادی کا تقریباً 53 فیصد ہیں۔ احساس راشن رعایت پروگرام میں پنجاب، کے پی، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کی صوبائی حکومتیں حصہ لے رہی ہیں۔ وفاقی حکومت اور تمام شریک وفاقی اکائیاں مالی وسائل 65/35 کے تناسب سے بانٹ رہی ہیں۔ ویب پورٹل: https://ehsaasrashan.pass.gov.pk/ کے ذریعے ملک بھر میں کریانہ اسٹورز کی رجسٹریشن جاری ہے۔

بقیہ 14

ڈوریں فروخت کرنے والوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان سمیت دیگر بڑے شہروں میں رات کے وقت پتنگ بازی کرنے والوں پر خصوصی نظر رکھی جائے اور ضلعی انتظامیہ، سول سوسائٹی اور والدین کے ساتھ مل کر پتنگ بازی کی روک تھام کیلئے خصوصی مہم میں تیزی لائی جائے تاکہ ڈور پھرنے کے واقعات کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پتنگ بازی جیسے خونی کھیل میں ملوث افراد کسی رعائیت کے مستحق نہیں لہذا شہری پتنگ فروشی اور پتنگ بازی کرنے والوں کی فوری 15 پر اطلاع کریں، ملزمان کو گرفتار کر کے سخت سزا دلائی جائے گی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کی ہدایت پر پنجاب پولیس پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف ان ایکشن ہے اور کائیٹ فلائنگ ایسوسی ایشن کی غیر قانونی سرگرمیوں کے لیے خلاف بھی ایکشن کیا جا رہا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال پتنگ فروشوں اور پتنگ بازی کرنے والوں کے خلاف 3146 مقدمات درج جبکہ 3343 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ صوبہ بھر میں پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں سے 389930 پتنگیں اور 8352 ڈوریں برآمد کی گئیں۔

بقیہ 15

حضرات کو فراہم کی جانیوالی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مزید بہتر سروسز فراہم کرنے کی تاکید کرتے ہوئے مال شماری کا از سر نو جائزہ لینے کی تاکید کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر حیدر علی خاں نے ڈویژن میں جاری اقدامات اور محکمانہ پراگریس پر بریفنگ دی۔ سیکرٹری لائیو سٹاک نے ڈویژنل ڈیزیز ڈائیگناسٹک لیبارٹری کا بھی دورہ کیا اور لیبارٹری کی نئی بلڈنگ کی تعمیر کے لئے سائٹ کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے سول ویٹرنیری ہسپتال میں شجر کاری مہم کے تحت پودا بھی لگایا۔ انہوں نے ہسپتال کے دورہ کے دوران پیٹ کیئر سنٹر بھی گئے۔ علاوہ ازیں زرعی یونیورسٹی کا دورہ کر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں سے بھی ملاقات کی اور لائیو سٹاک کی مزید ترویج وترقی کے لئے مشترکہ اقدامات پر زور دیا گیا۔

بقیہ 16

کے حوالے سے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، ایس ڈی پی او سول لائنز فرحان اسلم اور سینئر افسران بھی ایس پی پوٹھوہار کے ہمراہ تھے، ایس پی پوٹھوہار نے موثر حکمت عملی کے تحت مستعدی سے فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ اہم مقامات کی سیکورٹی سمیت شہریوں کی حفاظت کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 17

جہانگیر ترین کے قریبی ساتھی اور پارٹی رہنما عون چوہدری نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ جہانگیر ترین ایک ہفتے سے لاہور کے نجی اسپتال میں زیر علاج تھے، اور کچھ روز قبل طبیعت بہتر ہونے پر وہ اسپتال سے گھر منتقل ہوئے، تاہم اب وہ طبی چیک اپ کے لئے لندن روانہ ہوئے ہیں جہاں ایک ہفتہ رہیں گے۔ عون چوہدری کا کہنا تھا کہ لندن روانگی سے قبل جہانگیر ترین نے اپنے ساتھیوں کے لئے پیغام دیتے ہوئے کہا کہ متحد اور رابطے میں رہنا ہے۔

بقیہ 18

۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد سلیمان بھی ان کے ساتھ تھے۔ ٹیلنٹ ہنٹ کے چھ مقابلوں میں 18 پوزیشن ہولڈرز اور 18 ججز میں چیک تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ماجد وحید بھٹی نے کہا کہ پنجاب ٹیلنٹ ہنٹ نوجوان نسل کے لیے بہترین پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلنٹ ہنٹ کے تمام مقابلے شفاف طریقے سے منعقد ہوئے اس پر وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 19

ایمونیشن برآمد ہوئے، بنی پولیس نے ملزم دانیال کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، نیوٹاؤن پولیس نے شہزاد عالم اور فلپس سے 11 لیٹر شراب برآمد کی جبکہ ریس کورس پولیس نے فیصل مقصود سے 06 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 20

ہے کہ گندم کی امدادی قیمت خرید گزشتہ سال 1800 روپے فی من مقرر کی گئی تھی، اور اب یکمشت 400 روپے فی من اضافہ کرنے سے آٹا کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ ہوگا۔ دوسری جانب پنجاب کابینہ کی جانب سے ارسال کی گئی گندم اسپورٹ پرائس کی سمری اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کی جائے گی، وزیر اعظم عمران خان اقتصادی رابطہ کمیٹی کی سفارشات پر وفاقی کابینہ میں غور کریں گے، اور وزیر اعظم مشاورت کے بعد آئندہ چندروز میں حتمی فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 21

سرحد کے قریب قائم کیمپ میں پہنچ گئے۔ طلبا کی آمد کے بعد سے پولینڈ میں پاکستان کا سفارتخانہ طلباء کو اب وارسا پہنچانے کے انتظامات کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ روس کی جانب سے یوکرین پر ہونے والے حملے کے بعد دو ہزار سے زائد پاکستانی طالب علم اور شہری یوکرین میں محصور ہیں، جنہوں نے اپنی باحفاظت وطن واپسی کے لیے حکومت سے درخواست بھی کی تھی۔ یوکرین میں قائم پاکستان سفارت خانے نے اس درخواست پر وہاں پھنسے تمام پاکستانی طلبا کو ملک سے نکلنے کے لیے فوری طور پر ٹرنوپل شہر پہنچنے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ 22

متحدہ کی سلامتی کونسل میں روس کے خلاف مذمتی قرارداد پیش کی گئی جسے روس نے ویٹو کر دیا۔ سلامتی کونسل کے 11 ممبران نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ چین نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ سلامتی کونسل میں روس کے خلاف مذمتی قرارداد کی ووٹنگ کے وقت بھارت اور متحدہ عرب امارات بھی غیر حاضر رہے۔ قرارداد امریکا کی مدد سے ڈرافٹ کی گئی تھی۔ روس کے قرارداد ویٹو کرنے کے بعد اقوام متحدہ میں امریکا کی سفیر لنڈا تھامس کا کہنا تھا کہ روس قرارداد ویٹو کرسکتا ہے لیکن ہماری آوازیں نہیں دبا سکتا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل 193 ارکان پر مشتمل ہے۔

بقیہ 23

بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کے احکامات پر انچارجز بیگرا سکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 29 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہیں لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 24

اسحاق اور اس کے ساتھیوں نے ورغلا پھسلا کر کمرے میں لے گئے اور زیادتی کی کوشش کی، شہری کی درخواست پر ٹیکسلا پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم اسحاق کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، بچوں اور خواتین کے ساتھ زیادتی و تشدد جیسے واقعات نا قابل برداشت ہے۔

بقیہ 25

گرفتار کرلیا، ملزم سے 02 کلو 240 گرام چرس برآمد ہوئی، مری پولیس نے منشیات فروش محمد شہزاد کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 250 گرام چرس برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عادل کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی، گوجر خان پولیس نے منشیات فروش عاقب علی کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 380 گرام چرس برآمد ہوئی، مندرہ پولیس نے ملزم محمد اشفاق کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 320 گرام چرس برآمد ہوئی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 26

طلب کرلی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ملزمان کی جلد گرفتاری کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو قانون کی گرفت میں لاکر مزید کارروائی کی جائے اور متاثرہ خاتون کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ متاثرہ خاتون کی درخواست پر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 27

ہوئے شہری کو زخمی کرنے والے ملزم نوید کو گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 28

وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں ادویات سمیت دیگر طبی سہولیات اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار نے وزیر صحت کو ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں نئی ایمرجنسی کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کلر کہار میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں صفائی ستھرائی کے انتظامات تسلی بخش ہیں۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں ایمرجنسی بنانے والے مخیر حضرات کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں ڈائیلسز کی سہولت دستیاب ہوگئی ہے۔ کلر کہار سے پہلے مریضوں کو ڈائیلسز کروانے کیلئے ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی جانا پڑتا تھا۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں ڈائیلسز سنٹر کی مزید توسیع کریں گے۔ اس علاقہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ یہاں زیر تعمیر ہسپتال کو بھی جلد مکمل کریں گے۔ چکوال میں 500 بستروں پر مشتمل نئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کی جلد تعمیر کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ کلر کہار میں مریضوں کو ہر قسم کی طبی سہولیات فراہم کریں گے۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر کہار میں سی ٹی سکین اور ایم آر آئی کی سہولت جلد فراہم کریں گے۔ اس علاقہ میں دلھہ سمیت مزید 2 مقامات پر اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹراما سنٹرز قائم کئے جائیں گے۔ پنجاب کے تمام تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں میں ضروریات کی رپورٹ بنا کر تمام طبی سہولیات جلد فراہم کی جائیں گی۔ راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کے ساتھ مختلف ہسپتالوں کے الحاق سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم ہوں گی۔

بقیہ 29

جاری کی۔ اجلاس میں اشیا ضروریہ کی قیمتوں، سمگلنگ کی روک تھام اور عوامی فلاح کیلئے کئے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ کھاد کی کمی کی صورت میں فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر صورت کسانوں کے مفاد کا تحفظ کرے گی اور ناجائز منافع خوروں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ سکولوں کے باہر روڈ سیفٹی سے متعلق ہدایت پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور خلاف ورزی پر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے سکولوں میں خصوصی پیریڈ کا آغاز کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہروں میں کچرے کے ڈھیروں کے مسئلے کا مستقل حل تلاش کیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے بارشوں کے دوران ممکنہ اربن فلڈنگ سے نمٹنے کیلئے تیاری شروع کرنے سے متعلق بھی ہدایات جاری کیں۔ ڈویژنل کمشنرز نے اجلاس کو ویڈیو لنک کے ذریعے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور ڈویژن میں 4077، گوجرانوالہ میں 1534، ملتان میں 1404، بہاولپور میں 1661، ڈی جی خان میں 515 اور راولپنڈی میں 390 کھلے مین ہولز پر ڈھکن لگائے گئے۔ اسی طرح لاہور ڈویژن میں 10372، گوجرانوالہ میں 3765، ملتان میں 3284، بہاولپور میں 2247، ڈی جی خان میں 1671 اور راولپنڈی میں 6849 سٹریٹ لائٹس کو فعال کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اضلاع میں صفائی اور سیوریج سے متعلق شکایات کا بروقت ازالہ کیا جا رہا ہے۔ زراعت اور صنعت کے محکموں کے سیکرٹریز، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 30

ڈی پی او ٹیکسلا وقاص خان کی سربراہی میں ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے ملزم ذیشان عرف شانہ کو گرفتار کرلیا، ملزم ذیشان عرف شانہ نے 20 روز قبل اپنے ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ رنجش کی بنا پر فائرنگ کر کے عادل کو قتل کر دیا تھا، ملزم کے ساتھی ملزمان اسامہ اور دانش قبل ازیں گرفتار ہو کر چالان ہو چکے ہیں۔

بقیہ 31

اس کے دوست حسن کو رکشہ ڈرائیور اسحاق اور اس کے ساتھیوں نے ورغلا پھسلا کر کمرے میں لے گئے اور زیادتی کی کوشش کی، شہری کی درخواست پر ٹیکسلا پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم اسحاق کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے۔

بقیہ 32

خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے پنجاب میں 37 مقامات پر آپریشنز کر کے 4 دہشت گرد گرفتار کرلیے۔ چھاپوں کے دوران 39 افراد سے پوچھ گچھ بھی کی گئی۔ ترجمان سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کی شناخت یوسف، اشرف، سعید اور حبیب کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے۔ ترجمان کے مطابق ملزمان سے ڈھائی کلو دھماکہ خیز مواد اور ڈیٹونیٹر برآمد ہوئے، ملزم سعید کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرتا تھا، اس کے پاس سے بھاری رقم برآمد ہوئی ہے۔

بقیہ 33

۔ موسم بہار کی شجرکاری مہم کے تحت راولپنڈی کی تمام شاہراؤں اور پارکوں کو رنگ برنگے پھولوں سے سجایا جائے گا۔ راولپنڈی کے شہریوں کو بہترین تفریحی سہولیات مہیا کرنے کے لیے جشن بہاراں کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 34

ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ڈیوٹی آفیسر ہیڈ کوارٹر محمد وسیم نے ڈبل روڈ کرکٹ سٹیڈیم راولپنڈی میں 27 فروری تا 08 مارچ پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین ہونے والے کرکٹ میچز کے دوران شہریوں کو ٹریفک کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور ٹریفک کو متبادل راستوں پر رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک ڈائیورشن پلان مرتب کرلیا۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کے مطابق کرکٹ میچز کے دوران ٹریفک پولیس کے 350 اہلکار سپیشل ڈیوٹی کے فرائض سر انجام دیں گے جن میں 07 ڈی ایس پیز، 21 انسپکٹر، 235 ٹریفک وارڈنز اور 87 ٹریفک اسسٹنٹ شامل ہیں، دونوں ٹیمیں 27 فروری سے پریکٹس سیشن کا آغاز کریں گی۔ دوران میچ اسٹیڈیم روڈ کو 9th ایونیو چوک سے ڈبل روڈ تک دونوں اطراف کو عام ٹریفک کیلئے مکمل طور پر بند رکھا جائے گا۔

بقیہ 35

شرکاء میں پروگرام مینیجر ایف بی اے پی عقیل احمد پروجیکٹ آفیسر راستی حشام خان صدر دھنی ویلفیئر آرگنائزیشن علی احمد صدر تنظیم دیوا امجد حسین ایگزیکٹو ڈائریکٹر تنظیم سابہ میڈم نیر طارق اور جوہر ویلفیئر آرگنائزیشن کے نمائندوں نے شرکت کی چکوال کی معروف سوشل ورکر میڈم حمیرا نسیم نے خصوصی طور پر اس میٹنگ میں شرکت کی اور اپنی تجاویز اور آرا دیں سہ ماہی میٹنگ کا مقصد بیداری کے پروجیکٹ گرلز انسپائر کی گزشتہ میٹنگ کا جائزہ لینا اور بیداری اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے باہمی تعاون سے خواتین کو مالی طور پر مستحکم بنانے کے لیے ووکیشنل کلاسز کا آغاز کرنا تھا اس سہ ماہی میٹنگ کے دوران سوشل ویلفیئر آفیسر میڈم فرقانہ نے کہا کہ بیداری کے پروجیکٹ گرلز انسپائر کے ذریعہ خواتین کے داخلہ صنعت زار میں کروائیں جائے گے اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ہر طرح سے تعاون فراہم کرے گا

بقیہ 36

کی قیادت میں آفس سیکرٹری بابر خان، عبدالقدوس آئی ٹی ایکسپرٹ چوہدری افضل اور محمد عبداللہ چکوال تشریف لائے اور الیکٹرانک ووٹنگ مشین سے ووٹ کاسٹ کرنے کا طریقہ سمجھایا۔ اس موقع پر محترمہ روحما قریشی ایڈیشنل سیکرٹری ہائی کورٹ بار راولپنڈی نے سرپرست اعلیٰ ایف بی نیوز میڈیا گروپ راجہ فرحت بشیر ایڈووکیٹ سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارا مشن تھا کہ راولپنڈی ڈویژن کے تمام اضلاع اور تحصیلوں کے وکلاء صاحبان کو اس جدید نئے اور اچھے سسٹم سے ووٹ ڈالنے کا طریقہ سمجھانا ہے تا کہ ہمارا پڑھا لکھا طبقہ جو کہ پورے پاکستان سمیت پوری دنیا میں ایک باوقار اور ماڈل سمجھا جاتا ہے اس سے ایک نئی جدت پیدا ہوگی اور ایک مثبت اقدام سامنے آئے گا اور اس سے پورے پاکستان میں ایک نئے طریقہ کار بائیومیٹرک رجسٹریشن کے ذریعے الیکشن کی روایت سامنے آئے گی اس جدید اور الیکٹرانک طریقہ کار جس سے راولپنڈی ہائی کورٹ بار کی تاریخ میں پہلی بار ووٹ پول کیے جائیں گے اس کا سہرا خاص کر محترمہ روحما قریشی ایڈیشنل سیکرٹری اور ان کی ٹیم کے سر جاتا ہے جنہوں نے اس جدید طریقہ کو متعارف کروایا اور تمام اضلاع میں جا کر وہاں کے وکلاء صاحبان کو اس جدید الیکٹرانک ووٹنگ مشین سے ووٹ ڈالنے کے طریقہ کار کے بارے مکمل بریفنگ دی۔ اس جدید الیکٹرانک طریقہ کار سے آنے والے الیکشن کو مزید آسان اور شفاف بنایا جائے گا۔ محترمہ روحما قریشی ایڈیشنل سیکرٹری نے راجہ فرحت بشیر ایڈووکیٹ کا شکریہ ادا کیا کہ چکوال کے تمام وکلاء صاحبان نے ان کو اور ان کی پوری ٹیم کو بہت عزت دی اور اس سلسلے میں تعاون کیا۔

بقیہ 37

اشرف رسول ایم پی اے، میاں عبدالرؤف ایم پی اے، امیدوار پی پی 140 چوہدری طیاب راشد سندھو، ضلعی رہنما نواز لیگ ندیم چوہان و دیگر رہنما موجود تھے، ملاقات کے دوران خان جہانزیب خان نے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف کو ضلع کی سیاسی و انتظامی صورتحال اور پی پی 142 میں جاری تنظیم سازی سمیت عوامی ترجمانی کے حوالے سے جاری جدوجہد سے آگاہ کیا جبکہ میاں محمد شہباز شریف نے کارکنان کے نام پیغام میں کہا کہ نواز لیگ کو منظم مضبوط اور مربوط بنانے کی خاطر کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے پارٹی قیادت کارکنان کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی کارکنان ہمارا اثاثہ ہیں جن کو درپیش مسائل کے تدارک کی خاطر پارٹی قیادت نے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کیا اور آئندہ بھی کارکنان کو موثر تعاون فراہم کیا جائیگا اور انکی مشاورت سے علاقائی تنظیمی امور انجام دینے سمیت تمام فیصلے کئے جائیں گے، ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی اے سی رانا تنویر حسین ایم این اے اور خان جہانزیب خان نے کہا کہ مرکزی صدر میاں محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پارٹی امور کو مزید فعال بنانے سمیت بلدیاتی و عام انتخابات کی تیاریاں تیز کی جائیں گی، عوامی امنگوں کی ترجمانی کی خاطر نواز لیگ برسرپیکار ہے اور ضلعی سطح پر پارٹی کو مزید مربوط بنانے سمیت پی ڈی ایم کی احتجاجی تحریک میں بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 38

تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر عمر سعید ملک نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں انجمن تاجران کے نمائندگان سے ملاقات کی، ملاقات میں ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض سمیت صدر انجمن تاجران شاہد غفور پراچہ، شیخ ساجد، مشتاق خان، ظفر قادری، شیخ آصف، طارق جدون اور انجمن تاجران کے نمائندگان شامل تھے، سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک نے کہا کہ تاجر برادری کا ملکی معیشت میں اہم ترین کردار ہے جسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا، ہر معاشرے میں سیکورٹی صورتحال بہتر ہونے سے معیشت بہتر ہوئی ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جار ہا ہے، تاجر برادری کے مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہیں، معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں تاجر برادری کا کردار نہایت اہم ہے۔ تاجر برادری سے جڑے مسائل کے حل کے لیے تمام تر اقدامات اٹھائے جائیں گے، انجمن تاجران کے نمائندگان نے پولیسنگ کو بہتر بنانے کے لیے اور امن وامان کے قیام میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 39

کرلی ہے۔ مدعیہ کے مطابق ان کے مرحوم شوہر عمر حیات محکمہ ڈاک میں چپڑاسی تھے 2016 میں ان کی وفات پر محکمہ ڈاک میں شوہر کی جگہ پر بیوہ کے کوٹے پر بھرتی ہونے کی لئے درخواست دی تھی جس پر محکمہ پاکستان پوسٹ نے انہیں جنرل پوسٹ آفس مظفر گڑھ میں نویں سکیل میں کلرک کی نوکری دے دی۔ تاہم عاصمہ شہزادی نے 2017 میں انہوں نے محمد وحید سے شادی کی جس کے بعد محکمہ ڈاک نے یہ کہہ کر نوکری سے نکال دیا کہ اب وہ بیوہ نہیں رہیں۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ 2015 کے قانون کے مطابق اگر کوئی خاتون اپنے شوہر کی وفات کے بعد سرکاری نوکری حاصل کرتی ہے تو دوسری شادی کرنے کے بعد ان کے پاس سرکاری نوکری کرنے کا حق نہیں رہتا۔ یہ فیصلہ بھی اسی قانون کے تحت دیا گیا ہے۔ جج جسٹس سہیل ناصر نے دونوں طرف کے دلائل سننے کے بعد اپنے فیصلے میں لکھا کہ شادی ایک مذہبی فریضہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اخلاقی تحفظ اور سماجی معاہدہ ہوتا ہے۔ بیوہ کا لفظ ساتھ لگنے کے بعد اس معاشرے میں خواتین اپنے تحفظ کے لیے دوبارہ شادی کرتی ہیں تا کہ سماج کی نظروں میں بہتر مقام حاصل کرسکیں۔ عاصمہ شہزادی نے بھی اسی صورت حال کے پیش نظر دوسری شادی کی۔ عاصمہ کے اس فیصلے نے البتہ ان کی نوکری چھین لی۔ دوسرے لفظوں میں یا تو آپ ہمیشہ بیوہ رہیں تو نوکری آپ کے پاس رہے گی۔ جسٹس سہیل ناصر نے اپنے فیصلے میں مزید لکھا کہ ریاست کا کام اپنے شہریوں کی تکالیف کو کم کرنا ہوتا ہے نہ کہ ان کے مسائل بڑھانا۔ ایسے قوانین جن سے بنیادی تحفظ چھین لیا جائے ایک غیر آئینی اور غیر قانونی اقدام ہے۔ اپنے فیصلے میں عدالت نے کہا ہے کہ محکمہ ڈاک نے عاصمہ سے نوکری واپس لے کر آئین کے آرٹیکل 35 کی صریحاً خلاف ورزی کی ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کا آرٹیکل 35 شادی، خاندان، ماں اور بچے کے تحفظ کا ضامن ہے۔ جس پالیسی کے تحت عاصمہ سے نوکری واپس لی گئی عدالت اس کو آئین کے متصادم قرار دیتے ہوئے کالعدم قرار دیتی ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں محکمہ ڈاک کو حکم جاری کیا ہے کہ وہ فی الفور عاصمہ شہزادی کو ان کی نوکری واپس کرے۔

بقیہ 40

کی تحریک پیش کر چکی ہوتی۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے کیوجہ سے اس کا اثر پاکستانی مارکیٹ پر بھی آیا اور یہاں پر بھی تیل کی قیمت بڑھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن چوروں کا ٹولہ ہے جنہوں نے اس ملک کو 30 سال تک لوٹا ہے۔ ایوب آفریدی نے کہا کہ عمران خان بہادر لیڈر ہیں اور یہ قوم کی خوش قسمتی ہے کہ ہمیں ایسا نڈر لیڈر ملا ہے۔ وزیراعظم کے حالیہ دورہ روس پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس دورے سے پاکستان اور امریکہ کے تعلقات متاثر نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایکسپو میں پہلی مرتبہ افریقی ممالک اور وسطی ایشیا کے ممالک کو ترجیح دی گئی ہے۔ انہوں نے مینوفیکچرز سے کہا کہ وہ ایکسپورٹ کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ قبل ازیں وزیراعظم کے مشیر برائے اوورسیز پاکستانیز نے نمائش میں لگے سٹالز دیکھے اور سٹالز مالکان سے بات چیت بھی کی اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 41

نقدی 6/7 ہزار روپے نکال لیے اور موبائل فون چھین کر مجھے درخت کے ساتھ باندھ کر گاڑی نمبری RIS -14-1493 بمعہ لوڈ سبزی لے کر فرار ہو گئے بعد ازاں میں نے بڑی مشکل سے اپنے مالکوں سے رابطہ کر کے سارا واقع بیان کیا جس پر تھانہ جاتلی کی پولیس کو اطلاع کر دی پولیس تھانہ جاتلی نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی دوسری طرف گوجرخان اور گرد ونواح کے سیکڑوں سوزوکیوں پر سبزی فرخت کرنے والے لوگوں میں شدید خوف وہراس پایا جار ہا ہے

بقیہ 42

ایس ایچ او چوہدری بلاول بھی شامل ہیں جن کو ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض نے تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا دیگر ایس ایچ اوز میں ایس ایچ او بنی مرزا شکیل اور ایس ایچ او ٹیکسلا حبیب الرحمٰن کو بھی تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا

بقیہ 43

پوسٹ مسہ کسوال کسوال تھانہ گوجرخان میں کاروائی کرتے ہوئے بوقت رات 12.45 راولپنڈی کی جانب سے آنے والی سوزوکی کار نمبری BRR/7836 کو مشکوک جان کر روکا اور تلاشی لینے پر بلال خان ولد سید قاسم سکنہ کشمیر کلے تحصیل تخت بھائی ضلع مردان سے مشکوک شاپر سے چرس کے دو پیکٹ برآمد کر کے مجرم کو گرفتار کر کے تھانہ میں منتقل کر دیا چرس کا وزن کرنے پر دونوں پیکٹس میں موجود چرس کا وزن 2400 سو گرام ہوا مجرم کے خلاف 9 سی کا مقدمہ درج کر کے مجرم چالان عدالت کر دیا گیا جس کا ٹرائل معزز عدالت ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان چوہدری قاسم جاوید صاحب کی عدالت میں ہوا دوران ٹرائل پولیس تھانہ گوجرخان کی موثر تفتیش اور ایس آئی عارف محمود کے ٹھوس شواہد اور سرکاری وکیل پراسیکیوٹر عبدالرزاق شمیم کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے مجرم کو ساڑھے 7 قید بامشقت اور 35 ہزار جرمانہ کی سزا کا حکم دیا پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کامیابی پر سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک نے ایس ڈی پی او سرکل گوجرخان کی کارکردگی اور پولیس تھانہ گوجرخان کی ٹیم کو شاباش دی اور کہا کی سماج دشمن عناصر کے خلاف ایسی کاروائیاں بلاتفریق جاری رکھی جائیں اور انکی سرکوبی کی جائے اور ایسا گھناؤنا دھندہ کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور انکی حوصلہ شکنی کی جائے اور نوجوان نسل کو منشیات جیسے ناسور سے بچایا جائے

بقیہ 44

مقتول کے پھوپھی زاد بھائی کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں درج کیا گیا تھا ایس ڈی پی سید طاہر کاظمی کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ گوجر خان چوہدری بلاول اور انکی ٹیم نے جدید سائنٹفک طریقہ کار سے مجرم منظور حسین کو ٹریس کر کے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کرلیا پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کامیاب کاروائی پر سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک نے ایس ڈی پی او سرکل گوجرخان کی کارکردگی کو سراہا اور ایس ایچ او اور پولیس ٹیم کو شاباش دی ایس ایچ او چوہدری بلاول نے کہا کہ مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں جائے گی اور ایسی کاروائیاں آگے بھی جاری رہیں گی

بقیہ 45

کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بھارہ کہو سب انسپکٹر شوکت عباسی معہ دیگر جوانوں پر مشتمل ٹیم کو دیا، پولیس ٹیم نے ہیومن ریسورسز اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا ملزمان جو کہ گھروں میں چوری کی وارداتیں کرتے تھے جن کے خلاف مختلف مقدمات درج ہیں، گرفتار ملزمان میں راشد محمود، مسرت بی بی، جنید، اور احسان شامل ہیں، ملزمان کے قبضہ سے نقدی، طلائی زیورات کل مالیتی 12 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے، مزید تفتیش جاری ہے، گزشتہ روز بھی بھارہ کہو پولیس نے ڈکیتی اور راہزنی سمیت روڈ پر ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کو بھی گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے شہریوں سے لوٹا گیا مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ایمونیشن برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اسلام آباد پولیس کی جانب سے بھرپور کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں، آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس نے پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ 46

کو ان سے کھل مل کر مسائل جاننے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے نہ صرف اجتماعی مسائل سے آگاہی ملتی ہے بلکہ یہ میل ملاپ عوام اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرگودھا ضلع بھر 30 سے زائد مساجد میں متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز جا کر مسائل سن رہے ہیں۔

بقیہ 47

کے لئے بلدیہ کے سپرد کر دی گئی اور پولیس نامعلوم خواتین کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 48

ہر کیس کا جائزہ لے کر گہرائی تک جاؤں گا، کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی، اینٹی کرپشن پنجاب سرکاری محکموں میں چھپی کالی بھیڑوں کی نشاندہی میں زیادہ موثر ثابت ہوگا۔

بقیہ 49

منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کمشنر راولپنڈی کو بتایا گیا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ضلع بھر میں 1662 چھاپوں کے دوران 139 خلاف دریاں رپورٹ ہونے پر 188,000 روپے کا جرمانہ، 06 عمارات سیل جبکہ 01 ایف ائی ار۔ تحصیل گوجرخان میں 399 چھاپوں میں 16 خلاف ورزیاں اور 98000 روپے کا جرمانہ۔ تحصیل کہوٹہ میں 91 چھاپوں میں 12 خلاف ورزیوں میں 1500 روپے کا جرمانہ۔ کلر سیداں میں 188 چھاپے، 33 خلاف ورزیوں میں 6000 روپے کا جرمانہ 02 عمارات سیل۔ کوٹلی ستیاں میں 62 چھاپے، 01 خلاف ورزی پروانگ۔ مری میں 100 چھاپوں کے دوران 09 خلاف ورزیوں پر 7000 روپے کا جرمانہ جبکہ 04 عماراتیں سیل۔ راولپنڈی کینٹ میں 225 چھاپے، 11 خلاف ورزیوں میں 12,500 روپے کا جرمانہ جبکہ 01 ایف ائی ار۔ راولپنڈی (سٹی) میں 34 چھاپوں کے دوران 01 خلاف ورزی جبکہ 1000 روپے جرمانہ۔ راولپنڈی (صدر) میں 341 چھاپوں کے دوران 36 خلاف ورزیوں میں 46500 روپے کا جرمانہ۔ تحصیل ٹیکسلا میں 222 چھاپوں کے دوران 20 خلاف ورزیوں میں 15,500 روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔

بقیہ 50

کا آغاز کردیا گیا ہے، جس سے میڈیا گریجویٹس کو عملی زندگی میں قدم رکھنے میں مدد ملے گی۔ اس پروگرام کے ذریعے مثبت صحافت کو فروغ ملے گا اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا گریجویٹس کی پیشہ وارانہ تربیت ترجیح ہے۔ پرائیویٹ چینلز اور صحافتی تنظیموں کو چاہیے کہ نوجوان صحافیوں کے لیے مختلف ورکشاپ اور سیمینارز کا باقاعدگی کے ساتھ انعقاد کیا جائے۔ معاون خصوصی وزیراعلی پنجاب کا کہنا تھا کہ نوجوان ہمارے ملک کا سرمایہ ہیں ان کے بغیر ملک کی ترقی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا گریجویٹ پروگرام میں پنجاب بھر کے نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر منتخب کیا گیا ہے اور اس پروگرام میں خواتین کو 50 فیصد نمائندگی دی گئی ہے۔ میڈیا انٹرنشپ پروگرام میں صحافیوں کے بچوں کے لیے بھی 10 فیصد کوٹہ رکھا گیا ہے اس پروگرام کے ذریعے شعبہ صحافت میں بڑی نمایاں تبدیلی آئے گی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل شعبہ تعلقات عامہ پنجاب روبینہ افضل بھی موجود تھیں۔

بقیہ 51

ہے، بار بار اپنے کئے وعدوں سے مکر گئے اور مشرق کی طرف فوجی تعیناتیوں کو فروغ دینا جاری رکھا جو روس کی اسٹریٹجک سرخ لائن کو چیلنج کرتا ہے، روس یوکرین کے ساتھ اعلیٰ سطحی مذاکرات پر آمادہ ہے۔ شی جن پھنگ نے نشاندہی کرتے ہوئے کہ حال ہی میں مشرقی یوکرین کی صورتحال میں تیزی سے تبدیلیاں آئی ہیں جس پر عالمی برادری کی توجہ مبذول ہوئی ہے۔ چین یوکرین کے معاملے کی حقیقت کی بنیاد پر اپنے موقف کا فیصلہ خود کرتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ سرد جنگ کی ذہنیت کو ترک کیا جائے، تمام ممالک کی سلامتی کے جائز خدشات کو اہمیت دی جائے اور ان کا احترام کیا جائے، اور مذاکرات کے ذریعے ایک متوازن، موثر اور پائیدار یورپی سکیورٹی میکانزم تشکیل دیا جائے۔ چین روس اور یوکرین کو مذاکرات کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ تمام ممالک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کرنے اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کی پاسداری کے بارے میں چین کا بنیادی موقف مستقل ہے۔ چین بین الاقوامی برادری کے تمام فریقوں کے ساتھ مل کر مشترکہ، جامع، تعاون پر مبنی اور پائیدار سلامتی کے تصور کی وکالت کرنے اور اقوام متحدہ کے ساتھ بین الاقوامی قانون پر مبنی بین الاقوامی نظام کی مضبوطی سے حفاظت کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 52

کیا۔ مولانا فضل الرحمان نے رحمان ملک کی ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعا کی، مولانا فضل الرحمان کے ہمراہ سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اکرم خان درانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 53

گئے 13 موبائل فون بھی برآمد، ملزمان نے نیوسٹی کے علاقہ میں شہری سے گن پوائنٹ پر نقدی چھینی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او ٹیکسلا کی سربراہی میں ایس ایچ او صدر واہ اور انکی ٹیم نے سی سی ٹی وی فوٹیج سمیت جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کیا گیا، ملزمان سے لوٹی گئی رقم 55 لاکھ روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان سے دوران تفتیش دیگر وارداتوں میں چھینے گئے 13 موبائل فون بھی برآمد ہوئے، ڈکیت گینگ جڑواں شہروں میں ڈکیتی، رابری، چوری اور اسلحہ کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے کہا کہ ملزمان کی شناخت پریڈ کروائی گئی، ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک نے ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب اور صدر واہ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 54

جس میں 400 سو کے قریب امیدواروں نے حصہ لیا دوران امتحان ڈی پی او شیخوپورہ کی جانب سے امتحان کی نگرانی اور سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے قبل از امتحان ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ فیصل مختار نے امیدوارں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک ڈسپلن فورس ہونے کے ناتے کوئی بھی غیر ڈسپلن حرکت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی پولیس کے ہر کام اور ہر امتحان میں میرٹ کو یقینی بنایا جائیگا اس موقع پر ڈی پی او شیخوپورہ، ایس پی انوسٹی گیشن اور شیخوپورہ پولیس کے دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے امتحان میں امیدواروں کے بیٹھنے کیلئے ان میں مناسب فاصلہ رکھا گیا اس امتحان میں پاس ہونیوالے امیدواروں کو پروموشن لسٹ بی ون میں درج کیا جائے گا۔

بقیہ 55

فیڈرایم وی ایچ ایس 2-ڈی، 17- ، ایم پی سی ایچ ایس بی، 17-، ایس ڈی ڈبلیو، اے ڈبلیو ٹی 4-، ای سی ایچ ایس ڈی 18-، پسوال، واپڈا ٹاؤن، شاہ اللہ دتہ، ولی، سنگجانی 220 کے وی گرڈ سٹیشن این ٹی ڈی سی سنگ جانی اسلام آباد سے بند رہیں گے۔ تاہم آئیسکو کے 132 کے وی گرڈ اسٹیشن جی 13-اسلام آباد، نسٹ، ایم ای ایس، آئی 10-اسلام آباد، ایچ 11-اسلام آباد، آئی 8-اسلام آباد، روال، زیرو پوائنٹ اسلام آباد، پیرودھائی، سواں، سیٹلائیٹ ٹاؤن، کے ٹی ایم، کمال آباد سے منسلک 11 کے وی فیڈرز پر لوڈ شیڈنگ ضرورت کے تحت کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 56

امن وامان کے قیام کے لئے ضروری اقدامات انتظامیہ کی ذمہ داری ہوگی اور پرامن لانگ مارچ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہیں کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت کو لانگ مارچ کی متوقع تعداد کے بارے میں رپورٹس پیش کر دی گئی۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ 6 سے 10 ہزار کے قریب افراد لانگ مارچ میں شامل ہوسکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق لانگ مارچ کو سیاسی طور پر پرامن انداز سے ہینڈل کیا جائے گا، پرامن لانگ مارچ کے حوالے سے کسی قسم کا انتظامی ہتھکنڈا استعمال نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 57

لوگ برہنہ کر کے تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں، تشدد میں میرا بیٹا فہد رورو کر ان کی منت سماجت کر رہا ہے، فہد سے پوچھنے پر بتایا کہ 19 فروری کو وہ بہن کو سکول چھوڑ کر واپس گھر جانے لگا تو کلیم علی اور ثاقب مجھے زبردستی اپنے ڈیرے موضع چندووال لے گئے اور کمرے میں بند کر کے میرے اوپر تشدد شروع کر دیا تینوں لڑکوں نے مجھے برہنہ کیا اور مرغا بنا کر ڈنڈوں، جوتوں، تھپڑوں، مکوں اور ٹھڈوں سے شدید تشدد کر کے میرے دوست کا پتہ پوچھتے رہے اور ساتھ ساتھ ویڈیو بناتے رہے،

بقیہ 58

مقامی باسیوں کے دل جیت لئے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ضلعی صدر کنور عمران سعید، ضلعی جنرل سیکرٹری آصف منظور ورک، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری چوہدری فیض رسول گجر، ضلعی سینئر نائب صدر چوہدری معراج خالد گجر، ضلعی نائب صدور میاں تیمور خالد، خان ہارون اکبر خان، حاجی ملک محمد اقبال، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد علی شاہ، فنانس سیکرٹری وحید خان بنگش اور انفارمیشن سیکرٹری انعام الحق گجر نے کہا کہ سکیاں روڈ اور شرقپور روڈ کی تعمیر ومرمت کے منصوبہ کی تکمیل سے نہ صرف ان روڈز کے گردونواح میں بسنے والے عوام کو بھرپور فائدہ حاصل ہوگا بلکہ دور دراز کے مسافر بھی بھرپور استفادہ کر پائیں گے جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب دیگر منصوبوں کی طرح اس منصوبہ کے کام بھی خود جائزہ لیتے رہیں گے تا کہ اسکی بروقت اور میرٹ پر تکمیل ممکن ہو سکے۔

بقیہ 59

فروشی جیسے دھندے کا جڑ سے خاتمہ کیا جائے گا جبکہ تصویر کا دوسرا رخ اگر دیکھا جائے تو یہ نشے کے عادی لوگ آخر کہاں سے منشیات خرید کرلاتے ہیں اور سرعام پینے پلانے میں مصروف ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ منشیات جیسا مکروہ دھندہ کرنے والوں کو پولیس تھانہ گوجرخان نے کھلی چھوٹ دے رکھی ہے جس بنا پر ان نشے کے عادی لوگوں کو منشیات باآسانی میسر ہے جس بنا پر مصروف ترین ایریا میں اس طرح کھلے عام پبلک پلیس پر نشہ کیا جار ہا ہے جہاں پر کوئی نوک ٹوک نہیں جو کہ پولیس کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے کیونکہ پولیس تھانہ گوجرخان سے چند سو فارلانگ کے فاصلے پر منشیات کا استعمال کھلے عام ہونے سے پولیس کی کارکردگی کا بھانڈا پھوڑا جا رہا ہے۔

پاکستان، آسٹریلیا کرکٹ میچز ٹریفک ڈائیورشن پلان مرتب

شہریوں کی سہولت، ٹریفک کو متبادل روٹس پر رواں دواں رکھنے کیلئے شاہراؤں پر آگاہی بینر آویزاں

آفیشل پیجز، ریڈیو اسٹیشن کے ذریعے ٹریفک کی صورتحال سے آگاہی فراہم کی جائیگی، چیف آفیسر راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ڈیوٹی آفیسر ٹریفک ہیڈکوارٹر نے ڈبل روڈ کرکٹ سٹیڈیم راولپنڈی میں 27 فروری تا08مارچ 2022 پاکستان اور آسٹریلیا کے مابین ہونے والے کرکٹ میچز کے دوران ٹریفک کو متبادل راستوں پر رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک ڈائیورشن پلان مرتب کر لیا۔ شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کو متبادل روٹس پر رواں دواں رکھنے کیلئے شاہراہوں پر آگاہی بینر آویزاں کرنے کے ساتھ ساتھ آفیشل پیجز اور ریڈیو اسٹیشن کے ذریعے ٹریفک کی صورتحال کے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کی (بقیہ نمبر 34)

بیداری این جی او چکوال کی ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس کی سہ ماہی میٹنگ

میٹنگ کی میزبانی ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر میڈم حمیدہ ناصرہ نے کی

چکوال (راجہ افتخار سے) بیداری این جی او چکوال کے دفتر میں ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس کی سہ ماہی میٹنگ کا اہتمام کیا گیا اس میٹنگ کی میزبانی ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر میڈم حمیدہ ناصرہ نے کی تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ٹاسک فورس کی سہ ماہی میٹنگ میں ضلع چکوال کی مختلف تنظیموں کے نمائندوں کے علاوہ سوشل ویلفیئر آفیسر شامل تھیں دیگر (بقیہ نمبر 35)

پنجاب وکلاء محاذ نے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز کے الیکشن میں مختلف امیدواروں کی حمایت کردی

مظفرگڑھ (مہر عمران سے) پنجاب وکلاء محاذ نے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشنز کے الیکشن میں مختلف امیدواروں کی حمایت کردی، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ملتان کے سالانہ الیکشن میں صدارتی امیدوار میاں عادل مشتاق ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری بار کی نشست پر امیدوار ملک ارشد حسین بھٹی ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ اس امر کا اعلان چیئرمین پنجاب وکلاء محاذ رانا امجد علی امجد ایڈووکیٹ اور ڈویژنل صدر ملتان خالد محمود ایڈووکیٹ نے ایک مشترکہ اعلامیہ میں کیا ہے۔ جبکہ لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر کے عہدے پر رانا اسد اللہ خان ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔

بائیومیٹرک ٹیم کو آج ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چکوال آمد پر خوش آمدید

چکوال (راجہ افتخار سے) چکوال ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چکوال کی جانب سے راولپنڈی ہائی کورٹ سے روحما قریشی ایڈووکیٹ ایڈیشنل سیکرٹری اوران کے زیر قیادت بائیومیٹرک ٹیم کو آج ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چکوال آمد پر خوش آمدید کہا گیا تفصیلات کے مطابق راولپنڈی ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا شاندار اقدام ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ہونے والے الیکشن 26فروری 2022 کو بڑا معرکہ ہو گا۔ جس میں راولپنڈی ڈویژن کے وکلاء صاحبان اپنے پسندیدہ امیدوار کو ووٹ دے کر کامیاب کریں گے۔ آج ہائی کورٹ بار کی ٹیم محترمہ روحما قریشی ایڈیشنل سیکرٹری ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 36)

سی پی او راولپنڈی کی انجمن تاجران کے نمائندگان سے ملاقات

ایس ایس پی آپریشنز سمیت انجمن تاجران کے نمائندگان کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں انجمن تاجران کے نمائندگان سے ملاقات، ایس ایس پی آپریشنز سمیت انجمن تاجران کے نمائندگان کی شرکت، تاجر برادری کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی، تاجر برادری کا ملکی معیشت میں اہم ترین کردار ہے سی پی او عمر سعید ملک۔(بقیہ نمبر 38)

شہباز شریف سے امیدوار پی پی 142 خان جہانزیب خان کی ملاقات

بلدیاتی و عام انتخابات کی تیاریاں تیز کی جائیں گی، ضلعی رہنما

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی صدر وقومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میاں محمد شہباز شریف سے مرکزی سینئر رہنما و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی رانا تنویر حسین ایم این اے کے ہمراہ سابق وائس چیئرمین ضلع کونسل شیخوپورہ و امیدوار پی پی 142 خان جہانزیب خان نے ملاقات کی ہے اس موقع پر پیر سید (بقیہ نمبر 37)

گورنر پنجاب چوہدری سرور کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں مقبول احمد بلاک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سرکاری ملازم کی بیوہ سے سرکاری نوکری واپس لینے کا فیصلہ کالعدم قرار

کوئی خاتون اپنے شوہر کی وفات کے بعد سرکاری نوکری حاصل کرتی ہے تو دوسری شادی کرنے کے بعد سرکاری نوکری کرنے کا حق نہیں رہتا‘ سرکاری وکیل

ریاست کا کام شہریوں کی تکالیف کو کم کرنا ہوتا ہے، ایسے قوانین جن سے بنیادی تحفظ چھین لیا جائے ایک غیر آئینی اقدام ہے‘ عدالت

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور ہائیکورٹ کے ملتان بنچ نے دوسری شادی کرنے پر سرکاری ملازم کی بیوہ سے سرکاری نوکری واپس لینے کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا۔ محکمہ پاکستان پوسٹ میں خاوند کی وفات کے بعد کلرک کے عہدے پر بھرتی ہونے والی خاتون عاصمہ شہزادی نے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی تھی کہ انہیں محکمے نے نوکری سے اس لیے نکال دیا کہ انہوں نے شادی (بقیہ نمبر 39)

وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد ناکام ہوگی‘ ایوب آفریدی

اپوزیشن کے پاس اگر نمبر پورے ہوتے تو وہ کب کی عدم اعتماد کی تحریک پیش کر چکی ہوتی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سمندر پار پاکستانیز ایوب آفریدی نے کہا کہ وزیراعظم کے خلاف اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد ناکام ہوگی۔ ایکسپو سینٹر میں پہلی پاکستان انجینئرنگ اینڈ ہیلتھ کیئر نمائش کے دورہ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے پاس اگر نمبر پورے ہوتے تو وہ کب کی عدم اعتماد (بقیہ نمبر 40)

تھانہ جاتلی کی حدود میں ڈکیت گاڑی چھین کر فرار

قریشی کمشن شاپ کے مالک کی سوزوکی ڈاکو سبزی سمیت ڈرائیور سے چھین کر فرار ہوگئے

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق آج صبح ڈرائیور سوزوکی ضیافت حسین والد صادق حسین ساکن مطوعہ حسب معمول گوجرخان سبزی منڈی قریشی کمشن شاپ سے سبزی لوڈ کر کے دولتالہ سبزی منڈی لے کر جارہا تھا کہ چکری وکیلاں سے میانہ موہڑہ جانے والی لنک روڈ جو تھانہ جاتلی کی حدود میں آتی ہے پہنچا تو پیچھے سے تعاقب کرتے ہوئے تین مسلح اسلحہ نقاب پوش موٹر سائیکل 125 پر سواروں نے روکا اور اسلحہ کی نوک پر ساتھ ہی ویران جگہ پر لے گے ڈرائیور ضیافت نے میڈیا کو بتایا کہ میری جیب سے تقریباً (بقیہ نمبر 41)

بہترین کارکردگی پر 3 ایس ایچ اوز کو تعریفی سرٹیفکیٹ

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈون جاری رہے گا ایس ایس پی وسیم ریاض

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان میں تعینات ایس ایچ او منشیات فروشوں کے خلاف بہترین کریک ڈون کرنے والے ٹاپ تھری ایس ایچ اوز کی لسٹ میں شامل تفصیلات کے کے مطابق منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈون میں بہترین کارکردگی دیکھانے والے تین ایس ایچ اوز کو ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض نے ٹاپ تھری ایس ایچ اوز کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا اور کہا کہ اچھی کارکردگی کے حامل افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی منشیات فروشی جیسے ناسور کے خاتمے تک منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈون جاری رہے گا ٹاپ تھری کی بہترین کارکردگی دیکھانے والے ایس ایچ اوز میں گوجرخان میں تعینات (بقیہ نمبر 42)

صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری سے پرنسپل کیڈٹ کالج بریگیڈیئر سعود ملاقات کر رہے ہیں

پولیس تھانہ گوجرخان کی موثر پالیسنگ اور تفتیش

معزز عدالت نے منشیات کے مجرم کو سزا و جرمانہ کی سزا سنا دی گئی

گوجرخان (قمر شہزاد) معزز عدالت کے جج ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان چوہدری قاسم جاوید نے منشیات کے کیس مقدمہ نمبر 20/20 بجرم 9c تھانہ گوجرخان میں فیصلہ سناتے ہوئے منشیات فروشی کرنے والے مجرم بلال خان ولد سید قاسم ساکن کشمیر کلے اکبر آباد ڈاکخانہ خادی کلے تحصیل تخت بھائی ضلع مردان کو ساڑھے 7 سال قید بامشقت اور 35 ہزار جرمانہ کی سزا سنائی دی تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان نے آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق مقدمات میں موثر پیروی و تفتیش کرتے ہوئے منشیات کے مقدمہ میں نامزد مجرم کو سزا یاب کروا دیا پولیس تھانہ گوجرخان کے ایس آئی عارف محمود نے چیک (بقیہ نمبر 43)

*ویسی عباسیاں میں چوری کی واردات

کراچی (زعفران عباسی سے) ویسی عباسیاں میں 24فروری رات کو شام 6 بجے سے رات نو بجے کے درمیان جامعہ مسجد عباسیاں کے معزز محترم جناب منظور عباسی صاحب کے گھر میں چوری کی واردات ۔ 16 تولے زیور اور 28 ہزار روپے نقدی چور لے اڑے مقامی کو ہالہ چوکی کو اطلاع دے دی گئی تا حال چوروں کا کوئی پتہ نہیں چلا انتظامیہ اور تحصیل وضلع ایبٹ آباد سے اپیل ہے کہ ملزمان کو جلد سامنے لایا جائے اوران لوگوں کے نقصان کا ازالہ کیا جائے

والی بال ٹورنمنٹ، گورنمنٹ ہائی سکول تونسہ بیراج تحصیل کوٹ ادو فاتح

Jawan
DRIVE

مظفرگڑھ (مہر عمران سے) وزیراعظم عمران خان کامیاب جوان پروگرام میں منعقدہ والی بال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں گورنمنٹ ہائی سکول تونسہ بیراج تحصیل کوٹ ادو نے گورنمنٹ ہائی سکول بستی درگھ خان گڑھ کی ٹیم کو شکست دے دی اور فرسٹ انعام اور ٹرافی حاصل کی جبکہ والی بال میچ میں رنراپ ٹیم ہائی سکول بستی درگھ کے کپتان سمیع اللہ کو سی ای او ایجوکیشن مظفرگڑھ سید کوثر حسین شاہ بخاری نے ٹرافی دی۔ اس موقع پر ضلعی صدر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن مظفرگڑھ رانا فرزند ی، پی ای ٹی محمد شہباز سکھیرا بھی موجود تھے۔

خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی فیملی فیسٹیول کا افتتاح کر رہی ہیں

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان چوہدری بلاول اور انکی ٹیم کی موثر کاروائی

قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم منظور خان گرفتار کرلیا گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ گوجرخان کے ایس ایچ او چوہدری بلاول اور انکی ٹیم نے جدید سائنٹفک طریقہ کار سے موثر کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ سال 2021 میں مجرم منظور حسین نے اشفاق احمد کو قتل کر دیا تھا اور فرار ہونے روپوش ہو گیا تھا واقعے کا مقدمہ (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، تھانہ بھارہ کہو پولیس کی بڑی کاروائی

گھریلو چوریوں میں ملوث 04 رکنی گروہ ایک عورت سمیت گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد، تھانہ بھارہ کہو پولیس کی بڑی کاروائی، گھریلو چوریوں میں ملوث 04 رکنی گروہ ایک عورت سمیت گرفتار، ملزمان کے قبضے سے لوٹے گئے طلائی زیوارات نقدی کل مالیتی 12 لاکھ روپے برآمد، مزید تفتیش جاری ہے ملزمان سے سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سٹی کامران عامر خان نے گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کی گرفتاری کا ٹاسک ڈی ایس پی حاکم خان (بقیہ نمبر 45)

سرگودھا، خواتین نومولود بچی کو ہسپتال چھوڑ کر رفو چکر، بچی دم توڑ گئی

سرگودھا (این این آئی) خواتین نومولود بچی کو ہسپتال چھوڑ کر رفو چکر جبکہ بچی دم توڑ گئی جس کی میت تدفین کے لئے بلدیہ کے سپرد کر دی گئی۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے ڈی ایچ کیو ہسپتال جوہر آباد دو خواتین نومولود بچی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال لائی اور دوا لانے کے بہانے چھوڑ کر رفو چکر ہو گئیں اور بچی دم توڑ گئی جس پر پولیس کو صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بچی کی میت تدفین (بقیہ نمبر 47)

ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز نے مساجد میں عوامی مسائل سنے

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر رضوان احمد خان نے کہا کہ ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں عوامی مسائل جاننے اور انکے حل کے لیے فوری قانونی کاروائی عمل میں لارہے ہیں تاکہ ہر سطح پر دادرسی کی جاسکے۔ زرائع کے مطابق ڈی پی او ڈاکٹر رضوان احمد خان کا کہنا تھا کہ لوگوں کی بڑی تعداد مساجد میں ہوتی ہے اس لئے پولیس (بقیہ نمبر 46)

یوکرین، جوڑے نے فضائی حملوں کی گونج میں شادی کرلی

یہ بہت خوفناک تھا، ہمارے کانوں میں میوزک کے بجائے فضائی حملوں کی آوازیں آئیں

کیف (این این آئی) یوکرین کے دارالحکومت کیف میں ایک جوڑے نے فضائی حملوں کی گونج میں شادی کر لی۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق یارینا اریوا اور اس کے ساتھی سویاتوسلاو فرسین نے مئی میں یوکرین کے دارالحکومت کیف کے ایک ریسٹوران کی چھت پر شادی کرنے کا منصوبہ بنایا تھا لیکن انہیں اپنے منصوبوں کو ترک کرنا پڑا۔ جوڑے نے مئی میں شادی کا منصوبہ ترک کرتے ہوئے دو روز قبل شادی کرلی، شادی کی تقریب میں پرسکون اور خوبصورت ماحول کی جگہ فضائی حملوں کی خوفناک گونج سنی گئیں۔

لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے موقع پر خواتین وکلاء وکٹری کا نشان بنا رہی ہیں

گرو سوامی کھیمناتھ یوگیسر کا 80واں میلہ شروع

میلے کا آغاز صبح گیتا کے پاٹ اور آرتی اتار کر کیا جائے گا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری میں ہندو برادری کے مرکزی کھیمناتھ مڑھی مندر پر لگنے والا سالانہ تین روزہ ست گرو سوامی کھیمناتھ یوگیسر کا80واں میلہ آج سے شروع ہورہا ہے ۔ میلے کا آغاز صبح گیتا کے پاٹ اور آرتی اتار کر کیا جائے گا میلے کا افتتاح پارلیمانی سیکرٹیری رکن سندھ اسمبلی میر طارق خان تالپور کریں گے ۔ میلے میں تین دن پورے پاکستان سے ہندو برادری شرکت کرے گی جن میں خواتین مرد اور بچے شامل ہونگیں میلے کے انتظامات پوج ہندو پنچائت ڈگری سنبھالے گی۔ میلے کے لیے مین میرپور خاص روڈ سے مندر تک گلیوں کو رنگ برنگی جھنڈیوں اور قمقموں سے سجایا گیا ہے اس موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں مختلف مقامات میں سی سی ٹی وی کیمرے بھی لگائے گئے ہیں۔

مشرقی یورپ میں مزید فوجی بھیجنا شروع کر دیئے، نیٹو اجلاس

روسی حکومت کی طرف سے پھیلائی جانے والی جھوٹی افواہوں سے کسی کو دھوکہ نہیں دینا چاہیے

برسلز (این این آئی) نیٹو کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ انہوں نے مشرقی یورپ میں مزید فوجی بھیجنا شروع کر دیئے۔ روس نے یوکرین کے حوالے سے جھوٹ بولا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سکریٹری جنرل جینز اسٹولٹن برگ کی زیر صدارت ورچوئل سمٹ کے بعد 30 رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ روسی حکومت کی طرف سے پھیلائی جانے والی جھوٹی افواہوں سے کسی کو دھوکہ نہیں دینا چاہیے۔ بیان میں مزید تفصیلات بتائے بغیر مزید کہا گیا کہ اب ہم اتحاد کے مشرقی حصے میں بڑی اضافی دفاعی افواج بھیج رہے ہیں۔ روس پر مزید یورپی پابندیوں میں کونسل آف یورپ نے روس کی رکنیت معطل کر دی اور کونسل یورپی انسانی حقوق کی سب سے اہم تنظیم ہے۔ کونسل جو کہ 47 رکن ممالک پر مشتمل ہے۔

سرکاری محکموں میں چھپے کرپٹ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

حکومت کے ویژن کے مطابق احتساب کا عمل جاری رہے گا‘ رائے منظور

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب رائے منظور ناصر کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جو 4 گھنٹے جاری رہا۔ ڈائریکٹر وجیلنس، ڈائریکٹر لیگل اور ڈائریکٹر ایڈمن سمیت محکمہ کے تمام ریجنل ڈائریکٹرز نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈی جی اینٹی کرپشن رائے منظو رناصر نے سرکاری محکموں میں چھپے کرپٹ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کے ویژن کے مطابق احتساب کا عمل جاری رہے گا۔ کرپشن کے(بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پرائس مجسٹریٹس گرانفروشوں کیخلاف کاروائیاں جاری رکھیں کمشنر

ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے خلاف کاروائی کے ذریعے قیمتوں کو کنٹرول کر کے عام آدمی کی پہنچ میں لایا جاسکتا ہے

ضلع بھر میں 1662 چھاپوں کے دوران 139 خلاف وریاں رپورٹ ہونے پر 188,000 روپے کا جرمانہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن نورالامین مینگل کی ہدایت پر پرائس مجسٹریٹس فیلڈ میں موجود رہتے ہوئے گراں فروشوں کے خلاف کاروائیاں عمل میں لار ہے ہیں۔ نورالامین مینگل نے کہا کہ ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے خلاف کاروائی کے ذریعے قیمتوں کو کنٹرول کر کے عام آدمی کی پہنچ میں لایا جا سکتا ہے۔ پرائس مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کے لئے (بقیہ نمبر 49)

میڈیا گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت سیمینار

معاون خصوصی وزیراعلی پنجاب حسان خاور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

شیخوپورہ (محمد نواز سے) وزیراعلی پنجاب میڈیا گریجویٹس انٹرنشپ پروگرام کے تحت الحمرا لاہور میں میڈیا گریجویٹس سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ سیمینار میں معاون خصوصی وزیراعلی پنجاب حسان خاور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس شیخوپورہ میں زیر تربیت میڈیا گریجویٹس فائقہ مقصود، ثمرہ اسلم، اسماء خان، حافظ فرحان اور ذیشان اشرف نے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر شیخوپورہ فیصل جاوید کے ہمراہ سیمینار میں شرکت کی۔ سیمینار میں مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، ڈاکٹر اسلم ڈوگر، فرخ شاہ اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ معاون خصوصی وزیراعلی پنجاب حسان خاور نے میڈیا گریجویٹس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار کی ہدایات پر میڈیا گریجویٹس کے لئے پیشہ وارانہ تربیت (بقیہ نمبر 50)

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سندھ حقوق مارچ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

دورہ روس پاکستان کے روشن مستقل کی طرف اہم قدم ہے، تنویر الیاس

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف آزاد کشمیر کے صدر اور سینئر موسٹ وزیر آزاد کشمیر حکومت سردار تنویر الیاس نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کا دورہ روس پاکستان کے روشن مستقل کی طرف اہم قدم ہے، دنیا میں اس وقت بدلتے ہوئے حالات کے تناظر میں نئی صف بندیاں ہورہی ہیں، ایسے میں وزیراعظم پاکستان نے روس کا دورہ کر کے پاکستان کے لیے ترقی، خوشحالی اور قوموں کی صف میں باوقار نمائندگی کی طرف ایک سنگ میل کی بنیاد رکھی ہے

چوہدری فواد حسین کی سردار اکبر ڈوگر کو بہت مبارک باد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے لاہور ہائیکورٹ کا صدر منتخب ہونے پر سردار اکبر ڈوگر کو بہت مبارک دی ہے اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ امید ہے آپ کا دور وکلاء اور بچ کے درمیان اتحاد اور یگانگت کا دور ہوگا اور وکلاء کی بہتری آپ کیلئے مقدم رہے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جنرل سیکرٹری تمام دیگر منتخب باڈی کو بھی بہت مبارک۔

سرد جنگ کی ذہنیت کو ترک کیا جائے، چین

تمام ممالک کی سلامتی کے جائز خدشات کو اہمیت دی جائے، امریکہ اور نیٹو نے روس کے سیکورٹی خدشات کو نظر انداز کیا

لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے موقع پر ووٹر کے انگوٹھے پر نشان لگایا جارہا ہے

بیجنگ (نمائندہ عوامی للکار) چینی صدر شی جن پھنگ نے روسی صدر ولادیمیر پوٹن کے ساتھ ٹیلی فون پر جمعہ کے روز بات چیت کی۔ دونوں فریقین نے یوکرین کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ پیوٹن نے یوکرین کے مسئلے کی تاریخ اور یوکرین کے مشرقی علاقے میں روس کی خصوصی فوجی کارروائیوں کی صورت حال اور پوزیشن کا تعارف کرایا۔ انھوں نے کہا کہ امریکہ اور نیٹو نے طویل عرصے سے روس کے معقول سیکورٹی خدشات کو نظر انداز کیا(بقیہ نمبر 51)

گن پوائنٹ پر شہری کو لوٹنے والا 04 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

لوٹی گئی رقم 55 لاکھ روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ کے علاقہ میں گن پوائنٹ پر شہری کو لوٹنے والا04 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار، ملزمان سے لوٹی گئی رقم 55 لاکھ روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد، ملزمان سے دوران تفتیش دیگر وارداتوں میں چھینے (بقیہ نمبر 53)

مولانا فضل الرحمان کا رحمان ملک کے انتقال پر بیٹوں سے تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمان نے سابق وزیرداخلہ رحمان ملک کے انتقال پر بیٹوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ہفتہ کو مولانا فضل الرحمان رحمان ملک گھر پہنچے اوران کے بیٹے علی رحمان ملک اور عمر رحمان ملک سے والد کی وفات پر دکھ و افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 52)

شیخوپورہ پولیس ملازمان کا پرموشن لسٹ بی ون کیلئے تحریری امتحان

تحریری امتحان میں 400 سو کے قریب امیدواروں نے حصہ لیا

شیخوپورہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ فیصل مختار کی زیر نگرانی شیخوپورہ پولیس کے ملازمان کا پرموشن لسٹ بی ون کیلئے تحریری امتحان نگرانی اور سیکورٹی کے سخت انتظامات، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ فیصل مختار کی زیر نگرانی شیخوپورہ پولیس کے ملازمان کا پرموشن لسٹ بی ون کیلئے تحریری امتحان لیا گیا(بقیہ 54)

راولپنڈی اور اسلام آباد کے بعض علاقوں میں آج لوڈ مینجمنٹ کی جائیگی، ترجمان این ٹی ڈی سی

لاہور (این این آئی) نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی لمیٹڈ اپنے ترسیلی نظام میں رکاوٹوں کو دور کرنے کی مہم کے تحت 220 کے وی گرڈ سٹیشن آئی ایس پی آر (اسلام آباد۔ پشاور روڈ) سنگجانی میں 160 ایم وی اے ٹرانسفارمر نصب کرے گی۔ ٹرانسفارمر کی تنصیب سے گرڈ سٹیشن کی ترسیلی صلاحیت میں اضافہ ہوگا جس کے نتیجے میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی صارفین کے لیے بہتر وولٹیج پروفائل کے ساتھ بجلی کی بلاتعطل فراہمی ممکن ہوگی۔ ترجمان این ٹی ڈی سی نے بتایا کہ 220 کے وی گرڈ سٹیشن این ٹی ڈی سی سنگ جانی اسلام آباد میں نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب کے لیے 132 کیوی بس بار پر 27 فروری 2022 صبح 7 بجے تا شام 7 بجے تک آئیسکو کے 11 کے وی (بقیہ نمبر 55)

ڈپٹی کمشنر خانیوال سلمان خان لودھی پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

لانگ مارچ مشترکہ کوآرڈی نیشن کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ

پرامن مارچ میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کی جائیگی، کمیٹی میں وفاقی وزارت داخلہ اور وبائی وزارت داخلہ کے حکام شامل ہونگے

6 سے 10 ہزار کے قریب افراد لانگ مارچ میں شامل ہوسکتے ہیں، پنجاب حکومت کو متوقع تعداد بارے میں رپورٹس پیش کر دی گئیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وفاق اور پنجاب نے پاکستان پیپلز پارٹی کے لانگ مارچ کے معاملے پر مشترکہ کوآرڈی نیشن کمیٹی قائم کرنے اور پرامن لانگ مارچ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مشترکہ کوآرڈی نیشن کمیٹی کے قیام کا فیصلہ وزیرداخلہ شیخ رشید احمد اور وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار کی زیرصدارت اجلاس میں کیا گیا۔ کمیٹی میں وفاقی وزارت داخلہ اور وبائی وزارت داخلہ کے حکام شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار نے صوبائی انتظامیہ کو لانگ مارچ کے بارے میں گورنس گائیڈلائنز جاری کر دیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی کے لانگ مارچ کے روٹ، راستوں میں پڑاؤ کے مقامات پر سکیورٹی سخت ہو گی، (بقیہ نمبر 56)

با اثر افراد نوجوان کو برہنہ کر کے مرغا بنا کر تشدد کرتے رہے

ویڈیو وائرل ہونے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

نارووال (این این آئی) با اثر افراد نوجوان کو برہنہ کر کے مرغا بنا کر تشدد کرتے رہے، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پولیس نے بروقت کارروائی اور مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ جیلانی کالونی کے رہائشی احسان بٹ نے پولیس کو دی گئی درخواست میں بتایا کہ اس کو واٹس اپ پر ویڈیو ملی جس میں اس کے 17 سالہ بیٹے فہد کو کچھ (بقیہ نمبر 57)

بہار کالونی میں سلنڈر دھماکہ کے بعد رینجرز اہلکار کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے الرٹ کھڑے ہیں

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال انتظامیہ کے لیے لمحہ فکریہ

ہسپتال کے باہر پوڈریوں اور بھکاریوں کے ڈیرے سرعام منشیات پینے پلانے کا سلسلہ جاری

گوجرخان (قمر شہزاد) آئی جی پنجاب، آر پی او، سی پی او راولپنڈی نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کے باہر دیوار مہربانی اور اور دیگر جگہیں پوڈریوں کی محفوظ پناہ گاہیں جہاں پر پوڈریوں اور بھکاریوں نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں اور سرعام منشیات پینے میں مصروف ہیں ہسپتال انتظامیہ اور پولیس تھانہ گوجرخان کے لمحہ فکریہ اور انکی کارکردگی پر سوالیہ نشان ایک طرف تو منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرنے اور انکے خلاف کریک ڈون کا کہا جاتا ہے اور دعوے کیئے جاتے ہیں کہ گوجرخان شہر سے منشیات (بقیہ نمبر 59)

پاکستان تحریک انصاف شیخوپورہ کے ضلعی عہدیداروں کا وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی شرقپور شریف آمد پر اظہار تشکر

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف شیخوپورہ کے ضلعی عہدیداروں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی شرقپور شریف آمد اور سکیاں روڈ و شرقپور روڈ کی تعمیر و مرمت کے منصوبہ کا افتتاح کرنے پر انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار علاقائی تعمیر وترقی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں جس کا واضح ثبوت مذکورہ منصوبہ ہے جسکا افتتاح کر کے انہوں نے (بقیہ نمبر 58)

پاکستان کو عملاً عالمی ساہوکار مالیاتی اداروں کا غلام بنا دیا گیا‘ جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی کی مجلس شوریٰ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے اپنی نااہلی، بدترین طرز حکمرانی اور ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کو عملاً عالمی ساہوکار مالیاتی اداروں یعنی ورلڈ بینک، آئی ایم ایف اور ایف اے ٹی ایف کا غلام بنا دیا ہے اور قوم میں یہ احساس مسلسل بڑھ رہا ہے۔ حکمران اس وقت ملک کو قسطوں میں فروخت کر رہے ہیں اور اس طرح پاکستان کی معیشت ہی نہیں سلامتی، سالمیت، خود مختاری، آزادی اور دفاعی صلاحیت بھی عالمی مالیاتی اداروں کے پاس گروی رکھ دی گئی ہے جبکہ ہماری موٹرویز اور ایئرپورٹس بھی ضمانت کے طور پر عالمی مالیاتی اداروں کے پاس رہن ہیں۔